Vol. I

No. 10

# THE
# HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY
# DEBATES

## OFFICIAL REPORT OF THE PROCEEDINGS

OF

## The Thirteenth Day of the First Session of the First Legislative Assembly

*Sunday, the 6th April, 1952*

*Price: Eight Annas.*

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

## CONTENTS


| | | PAGE |
|---|---|---|
| 1. | L.A. Bill No. VI of 1952, A Bill to provide for the Salaries of the Ministers of the State of Hyderabad ... ... ... | 395 |
| 2. | L.A. Bill No. VII of 1952, A Bill to provide for Salaries and allowances of Members of the Hyderabad Legislative Assembly ... | 400 |
| 3. | General discussion on the Motion for Address of Thanks to the Rajpramukh ... ... ... ... ... | 404 |


PARTICIPANTS


| | | |
|---|---|---|
| 1. | Shri Madhava Rao Nerlikar ... ... ... | 405 |
| 2. | Hon'ble Shri Mehdi Nawaz Jung ... ... ... | 410 |
| 3. | Shri G. Sreeramulu ... ... ... ... | 417 |
| 4. | Shri Murlidhar Kamtikar ... ... ... | 419 |
| 5. | Shri Gopidi Ganga Reddy ... ... ... | 421 |
| 6. | Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao ... ... ... | 423 |

# LEGISLATIVE ASSEMBLY

## THIRTEENTH DAY

*Sunday, the 6th April,* 1952

The Assembly met in the Assembly Hall, Public Gardens, at Nine of the Clock, Mr. Speaker (The Hon'ble Shri Kashinath Rao Vaidya) in the Chair.

## L. A. Bill No. VI of 1952, A Bill to provide for the Salaries of the Ministers of the State of Hyderabad.

*Mr. Speaker :* The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : Mr. Speaker, Sir, I beg to introduce L. A. Bill No. VI of 1952, A Bill to provide for the Salaries of the Ministers of the State of Hyderabad.

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ہوں بل کی کاپیاں آنریبل ممبرس کو ملچکی ہیں
اورگزٹ میں بھی یہ بل آچکا ہے - رولس کے لحاظ سے لیو (Leave) کی ضرورت نہیں -
انٹروڈکشن (Introduction) کےلئے موو کیا گیا ہے - The Bill is introduced.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao :* Mr. Speaker, Sir, I beg to move that L. A. Bill No. VI of 1952, A Bill to provide for the Salaries of the Ministers of the State of Hyderabad be read a first time.

### QUESTION PROPOSED

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao :* Mr. Speaker, Sir....

مسٹر اسپیکر - Just a minute - میں سمجھتا ہوں کہ جو طریقہ ہم نے
پرسوں دو تین بلوں کے بارے میں طئے کیا تھا آج پیش ہونے والے بلس کے سلسلہ میں
بھی ویسا ہی عمل ہوگا - آج انہیں سکینڈ ریڈنگ تک لایا جائیگا - ان میں امنڈمنٹس آج
۰ بجے تک پیش کئے جاسکتے ہیں - بلس کی کاپیاں دیدی گئی ہیں - ان پر کل دو پہر یا
جو بھی وقت مناسب سمجھا جائے بحث کی جائیگی -

آنریبل شری بی رام کشن راؤ - میں یہ عرض کررہا تھا کہ دوسری ریڈنگ کی
نوبت پر امنڈمنٹس موو کرنے کا موقع دیا جائیگا -

مسٹر اسپیکر - اب اس بل کے جنرل پرنسپلس ( General principles ) پر ڈسکشن ہوگا -

شری وی- ڈی دیشپانڈے - ( اپا گوڑہ ) اس بل سے پہلے بھی چند بلس آئے ہیں - اس بل میں جو سیالری مانگی جا رہی ہے وہ کس بیسس پر ہے واضح نہیں ہوتا- اسکی وضاحت پہلے بھی نہیں کی گئی ہے جسکی وجہ سے دقت ہورہی ہے - اسپیکر کی سیالری کے بل سے بھی زیادہ یہ بل مبہم ہے - کم سے کم اس میں اسکی وضاحت کی جاتی تو بہتر ہوتا کہ رہائش - مینٹیننس - موٹر - وغیرہ کی مزید کیا کیا سہولتیں دیجائینگی - اس میں یہ کہا گیا ہے کہ -

"A supplementary Bill to provide for the allowances of Ministers and connected matters will be placed before the Assembly in due course hereafter".

اسپیکر کی سیالری کے سلسلہ میں جس طرح یہ دونوں چیزیں لائی گئی تھیں میں سمجھتا ہوں کہ منسٹرس کے سلسلہ میں بھی یہ چیزیں لائی جاتیں تو رقم تجویز کرنے میں آسانی ہوتی -اس سلسلہ میں آنریبل چیف منسٹر کے کیا خیالات ہیں وہ واضح ہوتے تو ہمیں سیکنڈریڈنگ کے بعد امنڈمنٹس کے لانے میں آسانی ہوتی - میں سمجھتا ہوں کہ جن اصولوں پر ریٹائیر آفیسرس کے پگھار طے کئے جاتے ہیں انہیں اصولوں پر یہ بھی طئے ہوئے ہیں -

*The Hon'ble Shri V. B. Raju* (Labour Minister) *:* I submit that a procedure may be laid down for introducing or moving for the first or second reading of the Bills. I have now found that the Bill has been read a first time and before the Bill is moved for a second reading one of the Hon'ble Members has started probing into details of the Bill. So I wanted this matter to be brought to your notice, in order to evolve a proper process for discussion of the Bills.

*Mr. Speaker :* Sub-rule (2) of Rule 85 lays down :

"On the first reading of a bill the principle of the bill and its general provisions may be discussed : the detailed provisions shall not be discussed nor shall any amendment to the Bill be moved at this stage".

We are at this stage now. After discussing the general principles of the Bill, we reach the stage of its second reading.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao* (Chief Minister) : At this stage, when general principles of the Bill are under discussion, I have to clarify only one point, so that those who wish to discuss or move amendments may bear this in mind. This Bill seeks to provide only for the salaries of the Ministers. As far as

allowances are concerned, they will be placed before the Assembly later on in the form of a separate Bill. The reason for this is the practice in this respect varied from time to time. In the past, the salaries of the Ministers were determined not by any Act of the Legislature, but by the executive orders. The Government immediately before this Government was a composite Government consisting of four Ministers appointed by the Government of India who were given different scales of salaries which were in conformity with their substantive posts or governed by certain conditions of service contracted by the Government of India on behalf of the Government of Hyderabad. The four Congress Ministers of that Government were paid a salary of O.S. Rs. 1,500 only, along with fully furnished houses and motor cars. The chauffeurs were also paid by the Government, that is to say by the Amera Department. The petrol and maintenance charges of the cars were also borne by the Government. The quantum of expenditure on these two items, *viz.*, the maintenance of the cars and the furnished houses was not fixed but it was to the extent of actual charges incurred in this connection. The quantum of petrol allowed was also different from time to time. When it was found that more petrol was being consumed, a few months ago, an attempt was made to regulate it by fixing it at hundred gallons. But on experience, the Hon'ble Ministers found that this quantity was absolutely inadequate causing them to spend more money out of their own pockets. All these questions are being examined. The Hon'ble Members are aware that at present Amera Department has got a Garage Section to look after the maintenance of Government cars. The salaries of the Chauffeurs are borne by this department for which a separate provision is made. Similarly, the maintenance charges of the buildings owned or taken on rent by the Government for purposes of residences of the Hon'ble Ministers and the repair charges of the furniture whatever they may be, are all borne by this Department under the Maintenance Head of the P.W.D. These expenses are not fixed. It is in the light of this fact that the Government now propose to consider that part of the question separately. An attempt is being made by the Government to rationalise the expenditure in the Amera Department. We are trying to cut down the expenditure in the Garage Section as well as in other sections of the Amera Department, and the reorganization scheme is under consideration. Till it is finalised, I thought it best to defer the question of fixing other allowances, such as car allowance and house allowance, etc. The fixation of these allowances has been deferred with a view that the Govern-

ment may be able to examine these things in the light of the economy that has to be effected and propose a reasonable system. The old system may continue if it is held economical and reasonable or a formula fixing the allowances for the maintenance of the cars and the houses may be evolved and the appropriate amount suggested subsequently. This is the reason why I have proposed to come before the Assembly only for the sanction of the salaries of the Ministers. The principle on which these salaries have been arrived at in this Bill is, I think, very obvious. We have got some information regarding the salaries of Ministers in the different neighbouring States. In U.P. the Ministers get a salary of Rs. 1,500 each besides other allowances. In Madras also, I understand that the salary was first fixed at Rs. 1,000 but subsequently allowances for motor car and house were given. The salary of Rs. 1,000 which had been originally fixed, was raised subsequently. Similarly in Bombay and Bengal the salaries that were originally fixed at a very low rate of Rs. 500 and Rs. 700 respectively were raised subsequently by amended legislation and they have been placed on different levels. So the practice obtaining in each State is different. When the four Congress Ministers joined the previous Ministry this question was tackled on a comparative basis taking into consideration all the figures of other States. It was decided that it would be proper if the Congress Ministers received O.S. Rs. 1,500. This was the amount fixed at that time. It is now thought necessary to fix I.G. equivalent and therefore an amount of I.G. Rs. 1,250 which is slightly less than O.S. Rs. 1,500 has been proposed as salary for the Ministers. I do not know whether it would be necessary for me to advance arguments in favour of this figure, but this is the general principle which we have followed and I personally think that the figure suggested is not at all exorbitant or high in view of the fact that the Ministers have certain responsibilities to discharge which sometimes involve more expenditure than the salary that has now been proposed. As one who was a Member of the previous Government, I can relate my experience before the Assembly. Most of us had been spending extra amounts from our pockets even when we used to get O.S. Rs. 1,500 because there were deductions in the form of Income-tax, electricity and water charges, etc. After these deductions, we used to find that it was not possible to make both ends meet. That was the situation and our experience in the past. Some of us were spending sometimes Rs. 200, sometimes Rs. 300 and sometimes Rs. 400 out of our pockets, over and above our salaries. Against this experience, the proposed figure of I.G. Rs. 1,250 is not very high.

In some of the States an amount of I.G. Rs. 1,500 has been allowed besides other allowances.

I would have been really happy if it were possible to reduce the amount still fur.her and make the salaries of the Ministers conform to the standard proposed long back by Bapuji. I am sure, the House will agree with me that things have changed considerably since then. The cost of living now is 3½ or 4 times more than what it was when Gandhiji suggested the figure of Rs. 500 for all Congress Ministers. I do not wish to say anything more on this subject. These facts I wanted to place before the Assembly for consideration.

*Mr. Speaker :* I draw the attention of the Hon'ble the Chief Minister to Clause (5) of Article 164 of the Constitution which says :

> " The salaries and allowances of Ministers shall be such as the Legislature of the State may from time to time by law determine and, until the Legislature of the State so determines, shall be as specified in the Second Schedule."

Of course, the Hon'ble the Chief Minister may bring in another Bill for purpose of allowances.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao :* That is exactly the situation, Sir. As I explained just now, the Government is examining the question of allowances. The previous practice in this State has been some what different. The Ministers were not receiving fixed allowances but the expenses were being borne by the Government. All these figures are being examined with a view to arriving at a proper amount. A separate Bill to provide for these allowances will be placed before the Assembly. In the meantime—probably for a couple of months—the previous practice will have to be continued.

*Question Put* " That L. A. Bill No. VI of 1952, A Bill to provide for the Salaries of the Ministers of the State of Hyderabad be read a first time" and agreed to.

*The Hon'ble Shri B. Ramakrishna Rao :* Mr. Speaker, Sir, So far as the question of salaries is concerned, I presume that the statement I have just made has satisfied the Hon'ble Members and therefore there will be no further discussion. I beg to move that the Bill be read a second time.

QUESTION PROPOSED AND AGREED TO

## L. A. Bill No. VII of 1952, A Bill to provide for Salaries and Allowances of Members of the Hyderabad Legislative Assembly

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki* (Law Minister) : Mr. Speaker Sir, I beg to introduce L.A. Bill No. VII of 1952, A Bill to provide for salaries and allowances of Members of the Hyderabad Legislative Assembly.

*Mr. Speaker :* The Bill is introduced.

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chandarki :* Mr. Speaker, Sir, I beg to move that L. A. Bill No. VII of 1952, A Bill to provide for salaries and allowances of Members of the Hyderabad Legislative Assembly be read a first time.

QUESTION PROPOSED

**ऑनरेबल श्री. जगन्नाथराव चंदरकी (लॉ अँड अँडोमेंटस् मिनिस्टर)** : अध्यक्ष महोदय, घटनाके अनुसार हैदराबाद को लेजिस्लेटिव्ह असेंब्ली अुपस्थित हुअी है। और ऑनरेबल मेंबर्स यहां आये हैं। असेंब्ली के दौरान में असेंब्ली सदस्य होनेके नाते घटनाके आर्टिकल १९५ के तहत अुनके लिये तनखाह और अलावन्सेस मुक्रर होने हैं। अिस लिये यह व्यवस्था की गअी है की ऑनरेबल मेंबर्स को १५० रुपये आय. जी. सॅलरी दी जाय। और जिस समय वह यहां अुपस्थित रहते हैं, तथा हाअुस की कमेटीयोंमें हिस्सा लेने के लिये जिन ऑनरेबल मेंबर्स को यहां आना पडता है, अुन्हे अिसके संबंध में डेली अलावन्स (Daily Allowance) देने की योजना की गअी है। अिस संबंध में अुन्हे साडेबारह रुपये आय्. जी. रोजाना दिये जायेंगे। अुनकी जरूरीयात को सामने रखते हुअे यह योजना की गअी है। अिसके साथ साथ अेक और चीज अिस बिल में है। अकसर ऑनरेबल मेंबर्स अजलासे यहां आते हैं, क्योंकि वह शहरमें नहीं रहते। अिनके लिये बिल में ट्रायव्हलिंग अलावन्स का प्रबंध किया गया है। यह ट्रायव्हलिंग अलावन्स (Travelling Allowance) अिसी प्रकार का होगा जिस प्रकार से सिव्हिल सर्व्हिस रूल्स (Civil Service Rules) के अनुसार फर्स्ट क्लास ऑफिसर्स को दिया जाता है। ऑनरेबल स्पीकर और डिप्टि स्पीकर सदस्य माने जाते हैं, किन्तु दूसरे बिल के अनुसार अुनकी तनखाओंका अलाहिदा प्रबंध किया गया है। अिस लिहाजसे अिस बिल में अेक प्रॉविजन (Provision) ये रखा गया है कि स्पीकर, मिनिस्टर्स और डिप्टि स्पीकर अिस बिल के अनुसार किसी प्रकार सॅलरी (Salary) नहीं ले सकेंगे। अिस बिल को हाअुस के सामने लाते समय दूसरे स्टेट्स की नीति को भी सामने रखा गया है। और अिसका भी ध्यान रखा गया है कि ऑनरेबल मेंबर्स को यहां आकर बहुत समय देना पडता है। और अपने कारोबार को अलग रखकर यहां आना पडता है। अिन तमाम बातों को सामने रखकर यह अुचित समझा गया कि अिन्हे १५० रुपये माहना सॅलरी दी जाय, और बारह रुपये आठ आने डेली अलावन्स दिया जाय। मैं हाअुससे प्रार्थना करता हूं कि यह बिल पास कर दिया जाय।

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** - ادھیکش مہودے - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا اس بل کے بارے میں بھی چند باتیں ایسی ھیں جنکی وضاحت ہوجائے تو امنڈمنٹس کے لانے میں سہولت ہوگی - فرسٹ کلاس آفیسرس کا ٹراولنگ الونس جو بیان کیا گیا ھے اس سلسلہ میں تفصیلات ھاوز کے سامنے رکھی جائیں - سیول سرویس رولس کے تحت فرسٹ کلاس آفیسر کو کس حساب سے ٹراولنگ الونس ملتا ھے اسکی تفصیلات ھاوز کے سامنے ہوں تو غور کرنے میں آسانی ہوگی - اس میں کہا گیا ھے کہ :-

"As respects all matters for which no express provision has been made in this Act including holidays to be counted as days for the purpose of clause (*b*) of section 3, the Government may make rules for the purpose of carrying out the purposes of this Act."

گو اس سلسلہ میں رولس ھمارے سامنے نہیں آئے لیکن حکومت اسکے بارے میں کیا سوچ رہی ھے یہ ھمارے سامنے آئے تو اچھا ہوگا - اسمبلی کے دوران سشن میں ھالی ڈیز آتے ھیں - چار دن سے زیادہ وقفہ نہ ہوتو سمجھا جائیگا کہ اسمبلی جاری ھے - اسکی وضاحت ہونی چاھئے کہ کیا ھالیڈیز کا الونس ملیگا - جو سوال (۱۵۰) ماھانہ الونس کا سامنے رکھا گیا ھے اسکے متعلق گفتگو بعد میں ہوگی - اصولی طور پر میں یہ کہونگا کہ یہ تنخواہ فکس ھے - ھمیں اس اصول کو سامنے رکھنا پڑیگا کہ ھمارے جو آنریبل ممبرس ھیں انہیں نہ صرف اسمبلی کے اجلاس اٹنڈ کرنا ہوتا ھے بلکہ وہ عوام کے نمائندے بھی ھیں - عوام کے سوالات کو اسمبلی میں لانا پڑیگا - عوام کی مانگیں کیا ھیں انکی مشکلات کیا ھیں معلوم کرنے کےلئے انہیں اپنی اپنی کانسٹی ٹیونسیز میں گھومنا پڑے گا اور اس غرض کےلئے انہیں بار بار اپنی کانسٹی ٹیونسی کو جانا پڑے گا - اس لحاظ سے وہ کوئی دوسرے کاروبار نہیں کرسکتے - اس لحاظ سے یہ رقم کم ھے یا زیادہ اس کا اظہار میں اس وقت کرنا نہیں چاھتا - جو آنریبل ممبرس وکالت کرتے ھیں وہ بھی اپنے اس پیشہ پر زیادہ وقت نہ دے سکینگے کیونکہ وہ جس کانسٹی ٹیونسی سے آتے ھیں وھاں کے عوام کے مطالبات کو سننے کےلئے انہیں کافی وقت دینا پڑیگا تاکہ انہیں ھاؤس کے سامنے پیش کریں - یہ دوسری بات ھے کہ کوئی آنریبل ممبر ایسا کرتے ھیں یا نہیں - ان تمام امور کا لحاظ کرتے ہوئے ھاؤز کو یہ طئے کرنا ھے کہ تنخواہ کا تعین کیا ہونا چاھئے - دوسری چیز یہ ھے کہ ھندوستان میں اسکو ٹھیک سمجھا جاتا ھے یا نہیں میں نہیں کہہ سکتا - لیکن انگلینڈ میں پارلمنٹ ممبر کی سیالری طئے کرتے وقت ایک ممبر نے یہ کہا ھے کہ آنریبل ممبرس کو صرف اسمبلی میں آنے کا سفر خرچ دینا کافی نہوگا کیونکہ انہیں اپنی کانسٹی ٹیونسیز میں بھی جہاں کے وہ نمائندے ھیں گھومنا پڑتا ھے - ھمیں یہ دیکھنا ھے کہ نہ صرف اپنی کانسٹی ٹیونسی بلکہ عوام کے مطالبات کو معلوم کرنے کےلئے آنریبل ممبرس کو دوسری جگہ بھی گھومنا پڑیگا اس کےلئے فری ٹراولنگ پاس ( **Free travelling pass** ) اور کرسپانڈنس ( **Correspondence** )

کے لئے سرویس ٹکٹ مہیا کئے جانے چاہئیں کیونکہ ممبرس کے پاس ہزاروں خطوط آتے ہیں جن کے مصارف وہ اپنی سیالری سے پورے نہیں کرسکتے - حیدرآباد میں جو آنریبل ممبرس رہتے ہیں انکے ہاں ٹیلیفون کا انتظام ہونا چاہئے اور انکے کنوینس (Conveyance) کا بھی - ہر ممبر کو علحدہ موٹر دینے کا سوال نہیں ہے - انگلینڈ میں ممبرس کے لئے آفس اور پرائیویٹ سکریٹری کا بھی انتظام کیا جاتا ہے لیکن میں نہیں کہہ سکتا کہ ہندوستان میں یہ کس حدتک ممکن ہوگا - ان تمام امور کو پیش نظر رکھکر بل پر غور کرنا ہوگا تاکہ ممبرس اچھی طرح سے کام کرسکیں اور انہیں کسی دوسرے ذریعہ معاش کے تلاش کرنیکی ضرورت پیش نہ آئے - ان تمام امور کے لحاظ سے یہ بل درست ہے یا نہیں میں اس وقت نہیں کہہ سکتا لیکن ان امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہی امنڈمنٹس پیش کئے جائینگے -

آنریبل شری جگنا تھہ راؤ چنڈرکی (لا اینڈ انڈومنٹس منسٹر) - معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اس جانب سے کچھ اور ممبرس اپنی رائے کا اظہار کرنا چاہتے ہیں -

شری جی سری راملو (منتھنی) - اس بل کے ذریعہ جو تنخواہ ظاہر کی گئی ہے اس میں ہمیں کسی قسم کا عذر نہیں ہے اور اوس جانب سے جو منظور ہو اسے قبول کرنے کے لئے تیار ہیں مگر جیسا کہ میرے پیشرو ممبر نے فرمایا کہ انگلینڈ میں اور زیادہ سہولتیں دیجاتی ہیں - میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ چیزیں یہاں کہاں تک ممکن ہیں - یہ خیال درست نہیں ہے کہ آنریبل ممبرس اسمبلی میں آکر بیٹھینگے اور گھر چلے جائینگے - اگر صرف ایسا ہی ہوتا تو اتنی ہی تنخواہ کا بل ٹھیک ہوتا - میرے خیال میں ان کے لئے (ممبران کے لئے) صرف اتنا ہی کام نہیں بلکہ جہاں کہیں بھی عوامی مسئلہ پیدا ہو انہیں وہاں جانا پڑیگا اور مسائل کو آنریبل ممبرس کی نوٹس میں لانا انکا فرض ہوگا - اس کے لئے ظاہر ہے کہ انہیں کافی ٹور ( Tour ) کرنا پڑیگا - ٹریژری بنچس ( Treasury Benches ) کو یہ بات اپنے دھیان میں رکھتے ہوئے الونس اور سیالری فکس ( Fix ) کرنی چاہئے - میں یہاں یہ کہوں تو بیجا نہوگا کہ الکشن کے زمانے میں کیانڈی ڈیٹس ( Candidates ) کو ٹپہ وغیرہ کی رعایتیں دیگئی تھیں - جب کینڈیڈیچر ( Candidature ) کے وقت انہیں یہ مراعات دیگئی تھیں تو آج جبکہ وہ کامیاب ہوکر عوام کے حقیقی نمائندوں کے طور پر یہاں آئے ہیں اور عوام کی آواز کو آپ تک پہنچا رہے ہیں تو آپکا بھی یہ فرض ہے کہ آپ ان تمام باتوں کو پیش نظر رکھیں - میرا اشارہ ان رعایتوں کی طرف ہے جن کا تذکرہ آنریبل پیشرو ممبر نے کیا ہے - ہوسکتا ہے کہ چند آنریبل ممبرس موجودہ پروپوزل (Proposal) پر قانع ہوں مگر جب ایک قانون بن رہا ہے تو اسے حالات کے لحاظ سے کیوں نہ بنایا جائے - ہمیں لا بریکرس ( Law breakers ) تو بننا نہیں ہے - میں دیکھتا ہوں کہ قانون قولداری رائج ہے پھر بھی بقطعہ دار ...

**مسٹر اسپیکر** - قانون لگان‌داری اس وقت زیر بحث نہیں ہے -

**شری جی سری راملو** - تعلق نہیں ہے مگر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب قانون بن رہا ہے تو اسے صحیح اصول پر بنایا جائے - تنخواہ کے بارے میں کوئی چرچا نہیں لانا چاہتا مگر یہ چیزیں ملحوظ رکھی جائیں تو مناسب ہوگا اور اس سے قوم کی بہتر خدمت ہوسکے گی - آنریبل ممبرس بھی اس راہ پر عمدگی سے گامزن ہوسکینگے -

**ऑनरेबल श्री. जगन्नाथराव चंदरकी (लॉ अँन्ड अँडोमेंटस् मिनिस्टर)** : अिनफरमेशन के लिये मै यह वाजे कर देना चाहता हूं कि हैदराबाद सिव्हिल सर्व्हिस रेग्युलेशन के लिहाज से फर्स्ट क्लास ऑफिसर्स को देढ गुना फर्स्टक्लास किराया रेल दिया जाता है। और मोटर के लिये दस आने मैल्याना दिया जाता है। क्योंकि यह चीज हैदराबाद सिव्हिल सर्व्हिस रूल्समे मौजूद है, अिस लिये अिसको बल मे लाना मुनासिब नही समझा गया। हॉलीडेज (Holidays) मे अलावन्स दिया जाय या नहीं अिसपर गौर करना होगा। क्योंकि यह असेंब्ली पहिली मर्तबा मीट (Meet) हुअी है। सारे स्टेट्स कि निस्बत भी देखना होगा कि वहां क्या तरीका है। अिसलिये मैंने अिस बारे मे अपने विचार रखना मुनासिब नही समझा। दूसरी जगह ऑनरेबल मेंबर्स को जो सहूलतें दी गयी हैं अुनके लिहाजसे यह बिल पेश किया गया है। सॅलरीज के फिक्सेशन (Fixation) के मुतालिक पूरा विचार सामने आ गया है। बाज स्टेट्स मे सॅलरी दी जाती है लेकिन डेली अलावन्स नहीं दिया जाता, और बाज जगह डेली अलावन्स दिया जाता है किंतु सॅलरी नहीं दी जाती। हम अिस तरह भी सोंच सकते थे कि डेली अलावन्स मे कमी करके सॅलरी बढाअी जाय। जैसा कि बाज जगह डेली अलावन्स साडेबारा रुपयेसे कम है। कहीं सात रुपये है, कहीं आठ रुपये है और कहीं दस रुपये है। लेकिन हमने यह खियाल किया कि ऑनरेबल मेंबर्स की रेग्युलर अटेंडेंन्स (Regular Attendance) मेंटेन (Maintain) की जाय। यह भी हो सकता था कि सॅलरी १५० रुपये के बजाय २०० रुपये आय्. जी. कर दी जाती, और अलावन्स साडेबारा रुपये के बजाय आठ या दस रुपये कर दिया जाता। मगर हुकूमत यह चाहती है कि हाअुस की अटेंडेंन्स मेंटेन की जाय। अिस लिहाज से अलावन्स ज्यादा रखा गया है। ऑनरेबल मेंबर्स के लिये जिस कदर ज्यादासे ज्यादा सहूलतें मोहिया कि जा सकती थीं मोहिया की गयी हैं। दूसरी सहूलतों का जो जिक्र किया गया है, अुसके बारेमे मै यह कहूंगा कि जो सहूलतें दूसरे स्टेट्स् के मुमासिल मुमकिन थीं, वह दी गयी हैं। मै ऑनरेबल मेंबर्स का ध्यान कॉन्स्टिटयूशन के आर्टिकल १९५ कि तरफ ले जाना चाहता हूं।

"Members of the Legislative Assembly and the Legislative Council of a State shall be entitled to receive such salaries and allowances as may from time to time be determined."....................

हुकूमत की जानिब से जो सहूलतें मुमकिन थीं दी गयी हैं। अगर अिसमे कोअी कमी या ज्यादती महसूस हो तो, अनुभव के बाद अिसमे चेंजेस (Changes) कर सकते हैं। अिन बातों को सामने रखते हुये आशा है कि आप अिसे स्वीकार करेंगे।

*Question Put.* "That L. A. Bill No. VII of 1952, A Bill to provide for salaries and allowances of Members of the Hyderabad Legislative Assembly be read a first time" and agreed to.

*The Hon'ble Shri Jagannath Rao Chanderki* :— Mr. Speaker, Sir, I beg to move that L. A. Bill No. VII of 1952, A Bill to provide for salaries and allowances of Members of the Hyderabad Legislative Assembly be read a second time.

QUESTION PROPOSED AND AGREED TO.

**مسٹر اسپیکر**۔ اسبارے میں امنڈمنٹس اگر کچھ ہوں تو وہ شام تک پیش ہوں۔ ایڈرس آف تھینکس کے موشن پر جو ڈسکشن کل ہو رہا تھا اب وہ جاری رھیگا ۔ اڈریس آف تھینکس کا موشن جنرل ڈسکشن کے اسٹیج پر ھے ۔ جنرل ڈسکشن کےلئے مزید ایک گھنٹے کا وقت دیا جائیگا ۔ دس بجکر ۵۰ منٹ کو موشن سے متعلق امنڈمنٹس لئے جاینگے امنڈمنٹس کے بارے میں ۱۲ بجے تک بحث ہوتی رھیگی جیسا کہ کل ہم نے تصفیہ کیا ھے ۔ اسکے بعد امنڈمنٹس کے بارے میں اور پھر موشن پر ووٹ لئے جائینگے ۔ اب ڈسکشن شروع ہوگا ۔

## General discussion on the Motion for Address of Thanks to the Rajpramukh

**شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے**۔ جہاں تک مجھے علم ھے اس اڈریس کے بارے میں جو امنڈمنٹس پیش ہوئے تھے ان میں سے بہت سے موو نہیں ہونگے اسلئے میں عرض کرونگا کہ امنڈمنٹس پہلے موو ہو جانا بہتر ھے ۔ انکے موو نہ ہونے کی صورت میں جنرل ڈسکشن جاری رکھا جاسکتا ھے ۔ میرے خیال میں یہ طریقہ بہتر ہوگا ۔

**مسٹر اسپیکر** ۔ امنڈمنٹس پر ڈسکشن یا موشن پر ڈسکشن دونوں میں کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ اگر جملہ امنڈمنٹس موو نہ ہوتے ہوں تو ایک بجے تک جنرل ڈسکشن کی اجازت دی جاسکے گی ۔

**شری پاپی ریڈی**۔ اسکا امکان ھے کہ کوئی امنڈمنٹ موو نہ ہوگا

**مسٹر اسپیکر**۔ صاف طور پر جب تک نہ کہا جائے میں امکانات پر نہیں چلسکتا ۔

**شری مادھو ~~راؤ نیرلی کر~~** (هنگولی ۔ محفوظ) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ دو روز سے راج پرمکھ کے اڈریس پر آنریبل ممبرس اپنے اپنے خیالات کا اظہار کررھے ھیں ۔ میں بھی اپنے ناچیز خیالات اس اڈریس کے بارے میں ھاوز کے سامنے رکھنا چاھتا ہوں . . .

**شری اناجی راؤ**۔ پوائینٹ آف انفرمیشن ۔ پہلے یہ طے ہو جائے تو بہتر ہوگا کہ امنڈمنٹس موو کئے جارہے ھیں یا نہیں ۔

**مسٹر اسپیکر** ۔ ڈسکشن شروع ہوچکا ھے ۔ اب اس پر توجہ کا موقع نہیں ھے ۔

شری مادھو راؤ نیولی کر - میں اڈریس کے بارے میں اپنے خیالات ظاہر کرنا چاھتا تھا - حیدر آباد میں پہلے یہاں نظام گورنمنٹ تھی جسے ختم کرنے کے لئے عوام نے کافی جدوجہد کی - یہ کہنا غلط نہوگا کہ نظام گورنمنٹ کے خلاف جو اسٹرگل (Struggle) اور موومنٹ ( Movement ) شروع ھوا اس میں دو پارٹیوں نے حصہ لیا - ایک وہ پارٹی تھی جو اسوقت حکمران ھے یعنی کانگریس - دوسری پارٹی شیڈیولڈ کاسٹس فیڈریشن ( Scheduled Castes Federation ) تھی جو فیڈریشن کے ممتاز لیڈر شری جے - ایچ سبیا کی قیادت میں چلتی رھی تھی - اس زمانے میں نظام کے خلاف اس پارٹی نے بھی کافی حصہ لیا ھے - اسوقت کانگریس کی ایکشن کمیٹی ( Action Committee ) کے صدر شری دگمبر راؤ بندو تھے جو آج ھوم منسٹر ھیں - انہیں یہ تمام باتیں معلوم ھیں کہ یہاں کے اچھوتوں نے نظام کے خلاف آواز اٹھائی اور انہیں یہ توقع تھی کہ جب یہاں عوامی حکومت آئیگی تو اچھوتوں کے مطالبات پورے ھونگے اسٹرگل ( Struggle ) بڑھتا گیا - جب نظام نے اصلاحات کی اسکیم عوام کے سامنے پیش کی تو آل انڈیا شیڈیولڈ کاسٹس فیڈریشن نے اپنے اجلاس میں یہ قرارداد پاس کی کہ جب تک ذمہ دارانہ حکومت قایم نہ کیجائے ھم اسوقت تک اصلاحات نہیں مانتے - یہ حقیقت ھے - جب یہاں مجلس مقننہ کا سیشن شروع ھو رھا تھا کانگریسی نیتا یہاں نہیں تھے بلکہ حیدر آباد سے باھر تھے - اگر کسی پارٹی نے حیدر آباد میں رھکر مقننہ کی مخالفت کی تھی تو وہ شیڈیولڈ کاسٹس فیڈریشن ھی تھی جس نے پرستاؤ پاس کرکے مخالفت کی تھی - اس چیز کی وضاحت کی ضرورت اس لئے محسوس ھوئی کہ دو تین روز سے جو مباحث ھورھے ھیں ان سے پتہ چلتا ھے کہ جس طبقہ نے نظام کی حکومت کو ختم کرنیکی کوشش کی وہ نظر انداز کیا جارھا ھے - میں چاھتا ھوں کہ آئندہ اس کو ملحوظ رکھا جائے میں یہ یاد لانا چاھتا ھوں کہ ایکشن کمیٹی کے صدر کی جانب سے جو بیانات اخبار میں شائع ھوتے تھے ان میں یہ وعدہ کیا جاتا تھا کہ جب ذمہ دارانہ حکومت یہاں قایم ھوگی تو اچھوتوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائےگا - یہاں اسٹرگل ( Struggle ) بڑھتا گیا - یہاں تک کہ پولیس ایکشن ھوا - پولیس ایکشن کے بعد اچھوتوں پر جو مظالم ھوئے یہاں میں ان کا ذکر کروں تو بیجا نہ ھوگا - یہ چیز مخفی نہیں ھے کہ اچھوتوں پر جو مظالم ھوئے ھیں وہ دیگر طبقات سے زیادہ ھیں - (۲۰۰۰) اچھوتوں کے مکانات لوٹے گئے (۸۰۰۰) اچھوتوں کو یہ کہہ کر قتل کیا گیا کہ وہ رضاکار تھے - میں مانتا ھوں کہ یہاں اچھوتوں میں ایک اور پارٹی بھی تھی جو نظام کا ساتھ دیتی تھی اور اچھوتوں کی نمائندگی کرتی تھی - کانگریس کے ورکرس ریاست سے باھر چلے گئے تھے - اس لئے شیڈیولڈ کاسٹس فیڈریشن کے ورکرس کو ھوشیاری سے کام کرنا پڑا -

میں تفصیلات میں جانا نہیں چاھتا - صرف یہ کہونگا کہ اچھوتوں کے ھزاروں مکانات لوٹے گئے ان کے نقصان کی بھرپائی کا کوئی پربندھ گورنمنٹ کی جانب سے نہیں کیا گیا - راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں کہا ھے کہ پولیس ایکشن کے بعد یہاں کے نظم و نسق

کو گورنمنٹ نے بہت اچھی طرح سنوا را ہے - لیکن میں کہتا ہوں کہ تین سال کے عرصہ میں آپ نے کیا کچھ نہیں کیا - اسٹیٹ کے عوام کو تین تیرہ کردیا - میرا یہ کہنا غلط نہیں ہے -

مسٹر اسپیکر - چیر کو مخاطب کیجئیے -

شری مادھو راؤ نیرلی کر - پولیس ایکشن سے پہلے ہم نے ذمہ دارانہ حکومت کے لئے جو جدو جہد کی تھی ہمیں اس کا پھل تو نہیں ملا بلکہ الٹا ہمیں لوٹا گیا اور مظالم ڈھائے گئے - ملٹری گورنمنٹ قایم ہوئی مگر اس نے بھی کوئی توجہ نہیں کی - ری ہابیلیٹیشن فنڈ ( Rehabilitation Fund ) اس غرض سے قائم کیا گیا کہ جنکی جایدادیں لوٹی گئی ہیں ان کی مدد کیجائے لیکن اس میں بھی اچھوتوں کا کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا - جب وہ اپنے نقصان کو ظاہر کرکے کچھ طلب کرتے تو کہا جاتا کہ تم رضاکار تھے تمہیں معاوضہ نہیں دیا جا سکتا - اس زمانے میں جو مسلمان لوٹے گئے انہیں تو کافی معاوضہ دیا گیا حالانکہ اس تمام بدنظمی کی ذمہ داری انہیں پر تھی - اس لئے اس اڈریس میں جو کہا گیا ہے کہ پولیس ایکشن کے بعد نظم و نسق قایم ہوا یہ کہاں تک صحیح ہے میں نہیں سمجھ سکتا - دوسری چیز جو دستوری لحاظ سے آنریبل ممبر نے ہمارے سامنے کہی تھی اس پر دستوری طور پر بحث ہونی چاہئیے - اپوزیشن پارٹی کے لیڈرس اور آنریبل ممبرس یہاں سنگٹھن کے لئے آئے ہیں انتشار پھیلانے کے لئے نہیں - الکشن کے بارے میں آپ نے یہ کہا کہ الکشن ٹھیک ہوئے ہیں اور آپ نے چیلنج دیا کہ اگر اس میں کوئی غلطی ہوئی ہے تو عدالت کے سامنے آجائیں - میں اسے ماننے کے لئے تیار ہوں اور آپ کا چیلنج قبول کرتا ہوں - جو جو واقعات ہوئے وہ سب کو اچھی طرح معلوم ہیں - آپ نے بھی کہا اور ہم نے بھی کہا - اب میں یہ سوال اٹھانا نہیں چاہتا - اب ہم یہاں اس لئے جمع ہوئے ہمیں کہ اسٹیٹ کے ایک کروڑ ۶۲ لاکھ عوام کے مسائل طے کریں انکی بیروزگاری - بھوک - لباس - تعلیم اور دیگر ضروری مسائل کو حل کریں اور بنیادی مسائل پر غور کریں - آپ دستور کا ذکر کرتے ہیں - ٹیننسی ایکٹ ( Tenancy Act ) کا ذکر کرتے ہیں - میں یہ عرض کرونگا کہ پربھنی میں سیکڑوں قولداروں کو زمینات سے بیدخل کیا گیا ہے اور انکا پرسان حال کوئی نہیں ہے - تعلقداروں کے پاس اپیل کی جاتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ آئندہ لحاظ کیا جائیگا - آپ کہتے ہیں کہ ایکٹ کے تحت آئے - یہ غلطیاں حکومت کو ماننی پڑینگی - پٹیل پٹواری جو دیہات میں اپنے پاس زمینات کا ریکارڈ رکھتے ہیں انکے پاس دو رجسٹر ہوتے ہیں - ایک تو حکومت کی رہنمائی کرتا ہے - اور یہ رجسٹر مقدمات کے سلسلہ میں عدالتوں اور دفاتر میں پیش ہوتا ہے - ایک رجسٹر ایسا ہوتا ہے جس میں غلط عملیات کی جاتی ہیں - اور اس طرح پٹہ داروں سے رشوت وغیرہ حاصل کیجاتی ہے - ٹیننسی ایکٹ ( Tenancy Act ) تو نافذ ہوا لیکن طریقہ یہ اختیار کیا گیا ہے کہ ایسے

کاشتکاروں سے جو ۳ - ٦ سال سے کاشت کرتے آرہے ہیں ان سے نوکر نامے لکھوائے جارہے ہیں - جب یہ چیز پیش کیجاتی ہے تو سننے کے لئے کوئی تیار نہیں - اپوزیشن پارٹی پر بار بار یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ ممبرس لامیکرس ( Law makers ) بننے کی بجائے لابریکرس ( Law breakers ) ہوتے جارہے ہیں - لیکن اگر آپ سب واقعات پر غور کریں تو آپ کو خود معلوم ہو جائےگا کہ لابریکر ہم ہیں یا آپ -

مسٹر اسپیکر - " آپ " سے مراد میری طرف ہے -

شری مادھو راؤ نیرلی کر - قانون لگانداری پر مطلق عمل نہیں ہوتا - جب اس پر عمل نہیں کیا جاتا تو کیا یہ لابریکنگ نہیں - آپ ہی تو لابریک کر رہے ہیں ... .......

مسٹر اسپیکر - آپ " ادر سائیڈ " یا " دوسری جانب کے ممبرس " کہہ سکتے ہیں -

شری مادھو راؤ نیرلی کر - میں کچھ اور مسائل پیش کرنا چاہتا ہوں یہاں دستوری بحث کی گئی - دستور کے لحاظ سے ایک شیڈیولڈ کاسٹس ایکٹ بھی ہے - لیکن غور تو کیجئے اس پر کہاں تک عمل ہورہا ہے - اس میں ایک چیز یہ بھی ہے کہ چھوت چھات کے مسئلے کو ختم کردینا چاہئے اگر کسی کو کوئی دھیڑ یا مانگ یا چارکھیے تو گناہ ہے لیکن آپ دیہاتوں میں جائیں اور دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ انکے ساتھ جانوروں سے بھی بدتر سلوک کیا جاتا ہے انہیں مندروں اور ہوٹلوں میں پرویش ( प्रवेश ) کا حق تو دیا گیا ہے لیکن اس پر کہاں تک عمل ہورہا ہے - کیا یہی لوک شاہی راج ہے کیا یہی عوامی حکومت ہے ؟ ہمیں عوام کے دلوں پر راج کرنا چاہئے - جس جنتا کے زور پر ہمیں راج ملا ہے دیکھئے کہ اس غریب جنتا کی کیا حالت ہے - ضلعوں اور دیہاتوں میں اب بھی یہ حال ہے کہ کوئی اچھوت سفید کپڑے نہیں پہن سکتا - اگر وہ سواری پر نکلے تو مارپیٹ کی جاتی ہے - وہ پلنگ پر نہیں سوسکتا - بیسوائی کا رواج اب بھی قایم ہے - آپ نے یہ چھوٹا سا کام بھی نہیں کیا - ہم یہ تو نہیں چاہتے کہ دستور میں ردوبدل کیا جائے بلکہ دستور کے تحت جو ادھیکار دیا گیا ہے اس سے فایدہ اٹھانے دیا جائے - لیکن آپ کے عمل سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ دستور پر عمل نہیں کرتے - جب یہ چیزیں عہدہ داروں اور ڈی - یس - پی وغیرہ کے سامنے لائی جاتی ہیں تو کہا جاتا ہے کہ آہستہ آہستہ عمل ہوگا - دستور کے مطابق عمل نہ کرنا ایک بدنما داغ ہے جسے مٹانا ہمارا فرض ہے -

آپ نے یہ ذکر کیا کہ اپوزیشن پارٹی نظام کو رکھنا نہیں چاہتی وہ تو دستوری لحاظ سے راج پرمکھ ہوسکتا ہے - ہے اور رہیگا - میں مانتا ہوں دستور نے انکو مقرر کیا ہے - لیکن اوس وقت جو پارلیمنٹ تھی وہ عوام کی بنائی ہوئی نہ تھی - لیکن آج یہاں لیجسلیٹیو اسمبلی قایم ہوچکی ہے - آزادی حاصل ہونیکے بعد ٥ - ٦ سال سے

ہندوستان میں اور تین سال سے حیدرآباد میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ جو وعدے کئے گئے تھے انہیں پورا نہیں کیا گیا ۔ خاص کر اچھوتوں کے لئے کچھ بھی نہیں ہوا ۔ آپ ملازمت میں انہیں کنسیشن ( Concession ) دینے کا وعدہ تو کرتے ہیں لیکن جب کوئی اچھوت ملازمت کے لئے پیش ہوتا ہے تو اس کا تقرر نہیں کرتے ۔ اپنے رشتہ دار بھانجے بھتیجوں کا تقرر کرتے ہیں اور اسکو کہتے ہیں کہ تمہاری باری بعد میں آئیگی۔ آخر آپ اچھوتوں کے لئے کیا کرنا چاہتے ہیں اس کا اعلان کردیجئے ۔ ابتک کچھ نہیں کیا گیا ۔ صرف دعوے ہی دعوے ہیں ۔ جو کچھ ہم نے کیا آپ اس کا فائدہ تو اٹھا رہے ہیں لیکن ہمارے لئے کچھ نہیں۔ شیڈیول کاسٹس کے لئے ایک کروڑ کا فنڈ تو رکھا گیا۔ کم از کم اس سے تو فائدہ اٹھانیکا موقع دیجئے ۔ اس بجٹ میں اچھوتوں کی فلاح و بہبود کے لئے کچھ بھی نہیں ۔ اگر آپ جنتا کی بھلائی چاہتے ہیں تو سب سے پہلے آپکو اچھوتوں کی بھلائی پر غور کرنا ہوگا ۔ یہ ایک ایسا طبقہ ہے جو ہزاروں سال سے کچلا گیا ہے ۔ ان کی بستیاں اب بھی گاؤں سے باہر ہیں ۔ یہاں تو یہ کہا جاتا ہے کہ سیکولر گورنمنٹ (Secular Government) قایم کی جا رہی ہے ۔

اچھوتوں سے اب بھی بیگاری کا کام لیا جا رہا ہے ۔ اسے موقوف ہو جانا چاہئے۔ دیہاتوں میں پٹیل پٹواری ان سے گاوٹھان داری کا کام لیتے ہیں لیکن انہیں کوئی معاوضہ نہیں دیا جاتا ۔ الکشن کے زمانہ میں بھی ان سے بیحد کام لیا گیا ۔ یہ کہدیا جاتا ہے کہ وہ ملازم سرکار ہیں ۔ اگر وہ ملازم سرکار ہیں تو گورنمنٹ ان سے جتنا کام لیتی ہے اتنا معاوضہ تو دے ۔ ان سے مفت کام لینے کی کیا وجہ ہے ۔ ان سے بلوتہ کا کام بھی لیا جاتا ہے ۔ کسان بھی ان سے کام لیتے ہیں ۔ اور کہدیتے ہیں تم تو سرکار کے نوکر ہو سرکار سے معاوضہ طلب کرو ۔ یہ لوک شاھی نہیں ۔ آج اچھوت سماج بیدار ہوچکا ہے ۔ وہ اپنے مطالبات منوا کر رہے گا ۔ اس کے لئے میں آپکو وشواس دلانا چاھتا ہوں کہ اسمبلی میں کوئی ایسی چیز نہیں اٹھائی جائیگی جو دستور کے خلاف ہو ۔ اگر دستور پر عمل نہیں کیا جاتا تو اسکے خلاف ضرور آواز اٹھائی جائیگی ۔

اچھوتوں کی تعلیم کے بارے میں بھی مجھے ہاؤس کو توجہ دلانی ہے ۔ دیہاتوں میں سرکار کی جانب سے اسکول تو قایم ہیں لیکن وھاں اچھوتوں کی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ۔ میرے پاس اسکے متعلق کافی مواد موجود ہے ۔ میں آپکے سامنے ہنگولی کا واقعہ بیان کرتا ہوں جہاں سے میں کانگریس کے خلاف جیت کر یہاں آیا ہوں ۔ وھاں "کاھکر" ایک موضع ہے ۔ اس موضع کے پٹواری سکھارام نے گاؤں کے اچھوتوں کو اس الزام میں گاؤں سے باہر نکال دیا ہے کہ انہوں نے بیل کے ڈبے میں کیوں ووٹ نہیں ڈالا ۔ پھر کہا جاتا ہے کہ الکشن فیر ہوئے ہیں ۔ میں یہ کہنا چاھتا تھا کہ وھاں ایک مدرسہ ہے اسکے ہیڈ ماسٹر نے یہ کہتے ہوئے کہ اچھوت سماج کے لڑکے اسکول نہ آئیں مدرسہ ۱۰ دن تک بند کردیا ۔ معلوم نہیں وہ ہیڈ ماسٹر وھاں کے پٹیل کے ہاتھ میں کیوں

کٹ پتلی بنا ہوا ہے - صرف یہی نہیں بلکہ اچھوتوں پر پولیس بھی مظالم کررہی ہے - کہا جاتا ہے کہ ہمیں سواتنتریا ( स्वातंत्र्य ) حاصل ہوگیا - لیکن میں یہ کہونگا کہ نہیں ہوا - اچھوت تو اب بھی وہی غلام ہیں - اگر انکا صحیح چتر ( चित्र ) دیکھنا ہوتو آپ دیہات میں دیکھ سکتے ہیں - موضع ''کاھکر '' کے پولس پٹیل نے (۱۰) خاندانوں کو گاؤں سے باہر کردیا - وجہ یہ تھی کہ انہوں نے بیل کے ڈبے میں نہیں ہاتھی کے ڈبے میں ووٹ ڈالا تھا - جو اچھوت اب بھی اس گاؤں میں مقیم ہیں انہیں پانلو نا نہیں دیا جاتا - وہ کپڑے دھونے کے مقام پر نہیں جاسکتے - اسکے متعلق میں نے سابق چیف منسٹر مسٹر ویلوڈی کو ٹیلیگرام کے ذریعہ اطلاع دی - ڈی - یس - پی پربھنی کو بھی اطلاع دیگئی - لیکن کچھ بھی نہیں ہوا - الکشن کے وقت موضع پلسی میں اچھوت رائے دینے کے لئے پولنگ بوتھس پر ۸ بجے سے ۵ بجے تک بیٹھے رہے - لیکن انہیں ووٹ ڈالنے کا موقع نہیں دیا گیا - حالانکہ انکے پاس پولنگ چٹس بھی تھے - اسکے باوجود بھی کہا جاتا ہے کہ الکشن صحیح ہوئے غور طلب ہے - میرے جو دوست شیڈول کاسٹس کی جانب سے یہاں آئے ہیں کوئی ایسا کام کرنا نہیں چاہتے جس سے آپکو تکلیف ہو - لیکن جہاں بھی اچھوتوں کے مفادکو نقصان ہونیکا اندیشہ ہو ہم مخالفت کرینگے - صرف یہ کہدینا کہ غلہ تقسیم کیا جائیگا ، روزی دیجائیگی ، زمین دیجائیگی ، ایسی باتوں سے کام نہیں چلیگا عوام کو تجربہ ہوچکا ہے - پہلے ہی سے عوام تنگ آچکے ہیں - بیزار ہوچکے ہیں - آپ پالیسی کا اعلان کردیجئے اور یہ اعلان کردیجئے کہ فلاں تاریخ تک اتنا کام کرینگے اچھوتوں کےلئے یہ یہ کرینگے - اچھوتوں کے فنڈ سے کچھ نہ لینگے - کیونکہ یہ فنڈ اس لئے قایم کیا گیا ہے کہ انکی بھلائی کےلئے خرچ کیا جائے -

مجھے اچھوتوں کی بورڈنگ کا بھی ذکر کرنا ہے - وہاں ہمارے ان بچوں کو جو ملک کے ہونہار سپوت ہیں دو وقت کھانا دیا جاتا ہے - بھبری دیجاتی ہے - وہ اس طرح سے کہ جواری کے دانوں کو ابال کر انہیں کھانے دیا جاتا ہے - آپ ہی بتائیے انہیں کھاکر وہ کس طرح پڑھ سکتے ہیں - ان سے بورڈنگ میں سوت کاتنے اور چمڑا صاف کرنے کا کام لیا جاتا ہے - دوسرے یہ کام کیوں نہیں کرتے - کیا صرف اچھوتوں کے ذمہ ہی یہ کام ہے ؟ انکے دماغ میں تو یہ بات رہتی ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے بڑی بڑی جایدادیں حاصل کرینگے - لیکن ان سے کہا جاتا ہے کہ چمڑا صاف کریں - اچھوتوں کےلئے کیا اعلی تعلیم نہیں ہے - صرف دوسروں کےلئے ہے - اعلی تعلیم حاصل کرنا ہمارا بھی حق ہے - بعض مقامات پر ہائی اسکول قایم ہونے والے ہیں - جیتور - گنگاکھیڑ اور بسمت میں ہائی اسکول قایم ہونیوالے ہیں - وہاں بورڈنگ بھی قایم ہونیوالی ہے - ہنگولی میں دو سال سے ہائی اسکول قایم ہے - لیکن اسکو ابتک بورڈنگ کےلئے گرانٹ نہیں ملا - پورنہ کے اسکول کو بھی مدد نہیں ملی - یہ ہماری مشکلات ہیں جنکو آپکے سامنے رکھنا چاہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ آپ ان پر غور کرینگے -

دوسری چیز یہ ہے کہ آپ نے ملازمتوں میں ساڑھے بارہ فیصد نشستیں اچھوتوں کےلئے رکھی ہیں لیکن اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے - جب کسی ڈپارٹمنٹ میں ہمارے آدمی جاتے ہیں توکہا جاتا ہے کہ درخواست دیجئے تو لحاظ کیا جائیگا - حکومت خاص طور پر اس جانب توجہ کرے کہ تعلیم حاصل کرنیکے باوجود ہمارے نوجوان بیروزگار ہیں - وہ لایق ہیں لیکن انہیں کام نہیں ملتا - اس کےلئے تو آپکو وقت کی ضرورت نہیں ہے - یہ کام فوری ہوسکتا ہے - ہم یہاں دوسری پارٹیوں کی طرح انتشار پھیلانا نہیں چاہتے - ہم اپنی مشکلات آپکے سامنے رکھتے ہیں انہیں حل کرنیکی کوشش کیجئے -

مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ اس لوک شاہی زمانے میں بیگاری کےلئے مرد نہ ملیں تو عورت کو بیگاری کےلئے بلایا جاتا ہے - اور اگر پولس کے پاس رجوع ہوں تو وہ کہتی ہے کہ ہم کوئی کارروائی نہیں کرسکتے - ایسی صورت میں پولس کس کام کی جو عوام کے دکھ درد کو دور نہ کرسکے - میں ہوم منسٹر سے درخواست کرونگا کہ آپکے ہاتھ میں حکومت ہے - اس جانب توجہ کریں اور ویگ ویگار قطعاً بند کر دیا جائے - میں سیاسی پارٹیوں سے بھی پرارتھنا کروں گا کہ وہ بھی اس جانب توجہ کریں اور ہمارا ساتھ دیں -

میں پندرہ دن سے اپنے خیالات کے اظہار کی کوشش کر رہا تھا - اسپیکر صاحب

نے جو موقع دیا ہے اسکا شکریہ ادا کرتا ہوں -

آنریبل شری مہدی نواز جنگ ( پی - ڈبلیو - ڈی منسٹر ) - مسٹر اسپیکر- سر - کل آنریبل ممبر شری راجہ رام اور آنریبل ممبر شری وی - ڈی دیشپانڈے نے راج پرمکھہ کے اڈریس کے سلسلہ میں انڈسٹریز کے تعلق سے جن خیالات کا اظہار کیا ہے میں محسوس کرتا ہوں کہ انکے متعلق چند واقعات کا اظہار ضروری ہے تاکہ جو غلط فہمی انکے بیانات سے پیدا ہوئی ہے وہ رفع ہو جائے -

آنریبل ممبر شری وی - ڈی - دیشپانڈے نے انڈسٹریز کے تعلق سے تبصرہ کیا اور اکثر انڈسٹریز کی ناکامی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ کا روپیہ بیکار خرچ کیا جا رہا ہے - میں یہ کہونگا کہ " سرسلک " ایک اہم انڈسٹری ہے جسکا حیدرآباد میں قایم ہونا ، چاہے وہ کسی اتفاق اور کسی مقصد سے ہوا ہو یہاں ایک ایسی انڈسٹری کے قیام کے اسباب پیدا ہوگئے جو ہندوستان میں کہیں نہیں ہے - یہاں جیسی مشنری اس وقت ہے ہندوستان میں توکیا چین میں بھی اسکی مثال نہیں ہے - اگر ہو بھی تو معمولی قسم کی ہوگی - البتہ سمرقند و تاشقند کا حال مجھے معلوم نہیں ہے - سب سے پہلے مجھے یہ بتلانا ضروری ہے کہ اگر انڈسٹری کو خام پیداوار ملتی رہے تو اسکو اچھی طرح سے چلایا جاسکتا ہے - یہاں حسن اتفاق سے الکحل فیکٹری قایم کی گئی

جس سے تین ہزار گیلن پاور الکحل نکلتا ہے جس سے ایسی چیزیں جیسے اسی ٹک ایسیڈ ( Acetic Acid ) اسی ٹون ( Acetone ) اسی ٹک ان ہائیڈ ریٹ ( Acetic anhydrid ) جنکی ملک کو سخت ضرورت ہے پیدا کی جاتی ہیں - دوسری چیز یہ کہ ۵ لاکھ گانٹھیں روئی کی نکلتی ہیں جن میں سے ڈیڑھ لاکھ گانٹھیں صرف ہوسکتی ہیں - روئی کی مانگ باہر کم ہے - عادل آباد سے جو روئی نکلتی ہے وہ اس انڈسٹری میں کام آسکتی ہے - ایوان کو یہ بھی معلوم ہے کہ ہندوستان فلم انڈسٹریز میں اور ملک کے مقابلہ میں تیسرے درجے پر آتا ہے اسی ٹیٹ پروسس (acetate process) سے خام فلم (Raw film) بنائی جاتی ہے - یہ بھی ملک کے لئے بہت بڑی اور ضروری صنعت ہے - ایوان کو معلوم ہے کہ ہمارے ملک میں سوت کی بہت کمی ہے جسکی وجہ سے پارچہ بافوں کو شکایت رہتی ہے - سوت کو دو قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے - ایک قسم وہ جو ہوزری انڈسٹریز کے لئے کارآمد ہے دوسری وہ جو بافندوں کے کام آتی ہے - میں حال میں جب انگلینڈ گیا تھا تو مزید معلومات کے حاصل کرنیکا اتفاق ہوا - میں یہ عرض کروں گا کہ حیدرآباد رشک کے قابل ہے - ماہران انڈسٹری نے اسی ٹیٹ سلک ( acetate Silk ) کی صنعت کو گولڈ مائنس (Gold Mines) سے تشبیہ دی ہے جس پر تین ہزار آدمی برسر روزگار لگائے جاسکتے ہیں - ایسی انڈسٹریز کو فضول کہنا میں سمجھتا ہوں کہ حقیقت پر پردہ ڈالنا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر مسٹر دیشپانڈے کو ان چیزوں کا علم ہوتا تو وہ کبھی ریمارک نہ کرتے - کوئی بھی بزنس یا کاروبار جو پرائیویٹ ہو یا پبلک اگر نفع بخش ہو تو اسے غلط فہمی پیدا کر کے نقصان پہنچانا میں سمجھتا ہوں کہ بڑی غلطی ہے -

مسٹر دیشپانڈے نے فرمایا کہ ان چیزوں کی کیا ضرورت ہے مگر اسکے جو بھی پراڈکٹس ہیں اسی ٹون ( Acetone ) - اسی ٹک ایسڈ ( Acetic Acid ) اسی ٹک ان ہائیڈ ریٹ ( Acetic anhydrid ) بہت کام میں آتے ہیں اور اکسپلوزیو ضروریات میں استعمال کی جاتی ہیں - سوئٹزرلینڈ میں یہ چیزیں پیدا کی جاتی ہیں - اگر یہ چیزیں ہمارے یہاں پیدا کی جائیں تو میں نہیں سمجھتا کہ کونسی قابل اعتراض چیز ہے - میں یہ بھی عرض کروں گا کہ explosives کی پراجکٹ کے کاموں میں بھی کافی کھپت ہوسکتی ہے - مز سلک ہی سے پیراشوٹ بنائے جاتے ہیں ان امور کے اظہار کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوست دیشپانڈے صاحب کو پورا پورا اطمینان ہوجائیگا - اور انہوں نے جو ریمارک کیا ہے اسے واپس لے لینگے -

دوسری چیز جو میرے دوست راجہ رام صاحب نے کل اپنے ریمارک میں فرمائی کہ انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ بیکار ہے اسے برخاست کردیا جانا چاہئے اور اسکی بجائے انڈسٹریل فینانس کارپوریشن قایم کیا جائے - یہ چیز ایک عرصہ سے گورنمنٹ کے پیش نظر ہے اور

ابھی زیر غور ہے اسکی تفصیلات مکمل ہوچکی ہیں ۔ انڈسٹریل فینانس کارپوریشن کے قیام کا مسئلہ گورنمنٹ آف انڈیا کو منظوری کے لئے بھیجا گیا ہے ۔ حیدرآباد میں انڈسٹریل فینانس کارپوریشن کا قیام ہو جائیگا ۔

دوسری چیز یہ کہ انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ کا قیام حیدرآباد میں ایک زرین کارنامہ ہے جسکی وجہ سے چھوٹی چھوٹی انڈسٹریز کے قیام میں بڑی مدد ملی ہے۔ گھریلو صنعتوں کو فروغ ہوا ۔ اور گھر میں بیٹھ کر کام کرنے والوں کو بھی اسکے ذریعہ مالی امداد دی جاسکی ۔ اگر ایسی امداد نہ دیجاتی تو ہمارے یہاں کی چھوٹی صنعتیں ختم ہو جاتیں۔ نہ صرف یہ بلکہ اس فنڈ سے صنعتی تعلیم حاصل کرنے کے لئے طلباء کو وظیفے دئے گئے ۔ انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ کی ابتداً ایک کروڑ سے ہوئی اور اب اسکا سرمایہ ۳ کروڑ ہوگیا ہے کارگزاری کے لحاظ سے آئی ۔ ٹی ۔ ایف کو بیکار کہنا غلطی ہے ۔ انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ سے ایسے لوگوں کو گرانٹ بھی دیا جاتا ہے جو چھوٹی صنعتیں قایم کرنا چاہتے ہیں ۔ راجہ رام صاحب کا یہ کہنا کہ نفع بخش انڈسٹریز کو چھوڑ دیا جاتا ہے اور نقصان رساں انڈسٹریز کی سرپرستی کی جاتی ہے درست نہیں ہے ۔ یہ صحیح نہیں ہے کہ نظام شوگر فیکٹری کو پبلک کے ہاتھوں میں دیدیا گیا ہے بلکہ اس کا ۷۲ فیصد حصہ گورنمنٹ کا ہے ۔ جتنی انڈسٹریز کو آئی ۔ ٹی ۔ ایف نے اپنے ہاتھ میں لیا ہے حالات کے لحاظ سے واجبی اور ضروری تھا ۔

پراگاٹولس ایک انتہائی اہم انڈسٹری ہے جسکی ہندوستان میں نظیر نہیں۔ یہ قومی ضروریات کو بدرجہ اتم پورا کرتی ہے ۔ ریلوں اور آر ۔ ٹی ۔ ڈی بسس وغیرہ کی ضروریات کو پورا کرنے میں اس سے بڑی مدد ملتی ہے اس لئے یہ انڈسٹری قابل قدر ہے۔

عثمان شاھی ملز اور اعظم جاھی ملز اور سرپور پیپر ملز کے متعلق یہ کہا گیا کہ انکو سیلنگ ایجنسی ( Selling Agency ) کے تفویض کردیا گیا ہے جونامناسب چیز ہے ۔ یہ صحیح ہے ۔ آٹھ دس برس کے بعد جب سے کمپنی ایکٹ بنا ہے اسکو کنڈمنڈ ( Condemned ) کیا گیا چنانچہ اب ایسا عمل نہیں ہورہا ہے۔ ۲۰ ۔ ۲۵ برس کے پہلے جو اگریمنٹ ہوا تھا اس میں بھی ترمیم کی جارہی ہے ۔ غرض یہ کہ آئی ۔ ٹی ۔ ایف کا وجود قابل قدر ہے ۔ ہم کو ایوان میں ایسی باتیں کرنے سے احتراز کرنا چاہئے جس سے انڈسٹریز کی مقبولیت متاثر ہو اور شہرت عامہ کو دھکا پہنچے ۔ پراگریسیو پوائینٹ آف ویو ( Progressive point of view ) سے ایسی باتیں نقصان رساں ہوتی ہیں ۔ ترقی پسندی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم آگے دیکھیں ۔ پیچھے دیکھنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ ہم ایوان کا جو کچھ وقت لیتے ہیں بے شک اپنے حق کا استعمال کررہے ہیں ۔ مگر وقت کا صحیح یصرف ہوتو سودمند ہوتا ہے ۔

مجھے شیڈیولڈ کاسٹس کے آنریبل ممبر کی تقریر سنتے سے بڑی خوشی ہوئی کہ ان

میں انہوں نے بعض ایسی حقیقتوں کا اظہار کیا ہے جنھیں سنکر لرزہ پیدا ہو جائے۔ مجھے یقین ہے کہ انہوں نے جن تمناؤں کا اظہار کیا ہے اس سے گورنمنٹ بھی متفق ہوگی۔

جیسا کہ آپ حضرات جانتے ہیں میں نہ جاگیردار ہوں نہ نواب۔ صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایوان میں جس طرح ان لوگوں کی مٹی پلید کی گئی وہ قابل رحم ہے۔ حقیقت حال یہ ہے کہ بیچاروں کی حالت انتہائی پست ہوگئی ہے اور وہ آجکل بڑے افلاس اور غربت میں زندگی گذار رہے ہیں۔ میری نظر میں کئی ایسے واقعات ہیں جن سے انکی تباہ حالی کا پتہ چلتا ہے۔ چنانچہ میرے پاس چپراسی اور چوکیداری تک کی جایدادوں پر تقرری کی خواہش لیکر آتے ہیں۔ گنتی کے دو چار ہونگے جو عیش کی زندگی گذار رہے ہیں اور موٹروں میں پھرتے ہوئے آپکو نظر آتے ہیں مگر اکثریت تباہ حال ہے۔ انسانیت اسکی متقاضی ہے کہ انکے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے۔

مسٹر اسپیکر۔ ڈسکشن کے لئے جو وقت مقرر کیا گیا تھا اس کے ختم ہونے میں دو منٹ باقی رہ گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اتنے وقت میں کوئی اسپیچ تو نہیں ہو سکتی۔ یہ کہا گیا ہے کہ امنڈمنٹس واپس لئے جانے والے ہیں۔ میں اس بارے میں دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ ایک ایک امنڈ منٹ هاؤز کے سامنے لایا جائیگا۔ جو امنڈ منٹس هاؤز کے سامنے ہیں ان کے منجملہ کون کون سے موو ہونگے؟ پہلا امنڈمنٹ آنریبل ممبر شری عبدالرحمن کا ہے۔

شری عبد الرحمن (ملک پیٹھ)۔ میں اپنا امنڈ منٹ موو کرنا نہیں چاہتا۔

مسٹر اسپیکر۔ امنڈ منٹ نمبر ۲۔ آنریبل ممبر شری جے۔ انند راؤ۔

شری جے انند راؤ (سرسلہ۔ عام)۔ مسٹر اسپیکر۔ سر۔ میں اس امنڈمنٹ کے متعلق چند وجوہات بیان کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر اسپیکر۔ وجوہات کے وضاحت کی ضرورت نہیں۔ اگر آپ موو کرنا چاہتے ہیں تو موو کیجئے ورنہ نہیں۔

شری جے انند راؤ۔ میں اپنا امنڈمنٹ موو کرنا نہیں چاہتا۔

مسٹر اسپیکر۔ آنریبل ممبر شری اننت ریڈی امنڈ منٹ نمبر ۳

شری اننت ریڈی (بالکنڈہ) میں اپنا امنڈمنٹ موو کرنا نہیں چاہتا۔

مسٹر اسپیکر۔ آنریبل ممبر شری اناجی راؤ امنڈمنٹ نمبر ۴۔

I think the Hon'ble Member is absent and so the amendment is dropped.

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری بھگوان راؤ ( بورالکر ) امنڈمنٹ نمبر ۵ -

شری بھگوان راؤ بورالکر (بسمت - عام ) - میں اپنا امنڈ منٹ موو کرنا نہیں چاہتا -

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری بچیا امنڈ منٹ نمبر ۶ -

*Shri Buchiah :* (Sirpur): I do not want to move my amendment.

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری دھرما بھکشم امنڈ منٹ نمبر ۷ -

شری دھرما بھکشم (سریا پیٹھ - عام) - میں اپنا امنڈمنٹ موو کرنا نہیں چاہتا -

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری ھنمنت راؤ امنڈ منٹ نمبر ۸ -

شری جی - ھنمنت راؤ (ملگ ) - میں اپنا امنڈ منٹ موو کرنا نہیں چاہتا -

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شریمتی کملا دیوی امنڈ منٹ نمبر ۹ -

శ్రీమతి ఆరుట్ల కమలాదేవి, (ఆలేరు):--అధ్యక్షా, నేను కూడ మువ్వు చేయదలచుకోలేద

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری متیا امنڈ منٹ نمبر ۱۰ -

شری متیا (پدا پلی) میں اپنا امنڈ منٹ موو کرنا نہیں چاہتا -

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری نرسمہا راؤ امنڈ منٹ نمبر ۱۱ -

شری کے - یل نرسمہا راؤ (یلندو - عام) - میں اپنا امنڈ منٹ موو کرنا نہیں چاہتا -

مسٹر اسپیکر - آنریبل ممبر شری راج ملو امنڈ منٹ نمبر ۱۲ -

*Shri Rajmallu* (Lakshettipet) : Mr. Speaker, Sir, I do not want to move my amendment No. 12.

مسٹر اسپیکر - امنڈمینٹ نمبر ۱۳ آنریبل ممبر شری راج ریڈی -

*Shri Raj Reddy* (Sultanabad) : Mr. Speaker, Sir, I do not want to move my amendment.

مسٹر اسپیکر - امنڈ منٹ نمبر ۱۴ آنریبل ممبر شری راجہ رام -

As Shri G. Raja Ram is absent, his amendment is therefore dropped.

مسٹر اسپیکر - امنڈ منٹ نمبر ۱۵ آنریبل شری رام چندرا ریڈی -

شری رامچند را ریڈی - میں اپنا امنڈ منٹ موو کرنا نہیں چاہتا -

مسٹر اسپیکر - امنڈ منٹ نمبر ۱۶ آنریبل ممبر شری سری راملو -

*Shri G. Sreeramulu* (Manthani) : Mr. Speaker, Sir, considering the gravity of the question I want to move amendement No. 16.

*Mr. Speaker :* The Hon'ble Member may move it by reading the amendment.

*Shri G. Sreeramulu :* Mr. Speaker, Sir, I beg to move that at the end of the Motion, the following be added, namely :

> " But regret to note that the policy of the Government regarding education is ambiguous and unplanned. And no measure has been contemplated for making the University fully autonomous."

*Mr. Speaker :* Amendment moved. We may have discussion on this later.

امنڈ منٹ نمبر ۱۷ - آنریبل ممبر شری سرینواس راؤ -

*Shri Srinivasa Rao :* I beg to move, that at the end of the Motion, the following be added, namely :

> " But regret that the industrial policy of the Government declared in the address is not at all heartening. And no definite measures are contemplated to encourage and expand the Cottage Industries, thus solving problem of unemployment which has assumed major importance."

مسٹر اسپیکر - Amendment moved اس پر بھی ڈسکشن بعد میں ہوگا -

امنڈ منٹ نمبر ۱۸ شری سید اختر حسین -

*Shri Syed Akhter Hussain* (Jangaon) : Mr. Speaker, Sir, I do not want to move amendment No. 18.

*Mr. Speaker :* Amendment No. 19 Shri Ram Rao.

*Shri Ch. Venkat Ram Rao :* Mr. Speaker, Sir, I do not want to move amendment No. 19.

*Mr. Speaker :* Amendment No. 20 Shri Pendum Vasudev.

శ్రీ పెండెం వాసుదేవ్ (గజ్వేల్):—అధ్యక్షా, నేను ఈ అమెండ్‌మెంట్ ప్రవేశ పెట్టదలచుకోలేదు.

*Mr. Speaker :* Amendment No. 21, Shri K. Venkat Ram Rao

شری کے - وینکٹ رام راؤ - میں امنڈمنٹ نمبر ۲۱ مو کرنا نہیں چاھتا -

*Mr. Speaker :* Amendment No. 22. Shri K. Venkat Ram Rao.

شری کے - وینکٹ رام راؤ - میں امنڈ منٹ نمبر ۲۲ بھی موو کرنا نہیں چاھتا -

*Mr. Speaker :* Am I correct when I say that amendments Nos. 16 and 17 are the only two amendments moved and the other amendments have not been moved?

Now we shall take up discussion on the two amendments.

شری وی - ڈی دیشپانڈے - جناب صدر میں یہ عرض کردینا چاھتا ھوں کہ جو امنڈ منٹس موو نہیں ھوئے ھیں میں نے پہلے ھی کہا تھا کہ یہ موو نہیں ھونگے - موو نہ کرنے کی ایک وجہ تو یہ ھے کہ ھم موشن پر ھی زیادہ ڈسکشن کرنا چاھتے تھے - دوسری وجہ یہ ھے کہ امنڈ منٹس پیش کرنیکے معنی یہ ھونگے کہ تھینکس (Thanks) کا جو موشن پیش ھوا ھے ھم اسے مانتے ھیں اور اس میں اڈیشن ( Addition ) کررھے ھیں حالانکہ ھم ایسا نہیں چاھتے -

*Mr. Speaker :* Any how, at this stage, no explanation is necessary.

*Shri V. D. Deshpande :* I thought it was necessary, Sir. I request you to give sometime for general discussion as most of the amendments have not been moved.

*Mr. Speaker*: Of course, I may do so, provided there is sufficient time for discussion on amendments No. 16 & 17.

*Shri G. Sreeramulu :* Mr. Speaker, Sir, Considering the time fixed by the Hon'ble the Speaker I had to adopt such a course. If the Hon'ble the Speaker assures that sufficient time will be given for general discussion, I will be in a position to withdraw my amendment. I beg leave of the House to withdraw my amendment.

*Mr. Speaker :* About the time, we have come to certain conclusions and these conclusions are before the House. Therefore I do not want there should be any conditional withdrawal. But now I take it that the Hon'ble Member has withdrawn it unconditionally.

The amendment was by leave of the Assembly withdrawn.

شری سرینواس راؤ۔ مسٹر اسپیکر۔ سر۔ جنرل ڈسکشن کی نزاکت کے لحاظ سے
میں اپنا امنڈمنٹ واپس لیتا ہوں ۔

The amendment was by leave of the Assembly withdrawn

*Mr. Speaker:* All the amendments that had been proposed have either been not moved or withdrawn.

As the time has been allotted till 12' O clock general discussion will continue now.

شری جی سری راملو ۔ مسٹر اسپیکر۔ سر ۔ اڈریس کے بارے میں ھاؤس کے سامنے
کافی چرچا ھوا ۔ میں بھی یہ مناسب سمجھتا ھوں کہ اپنا اور اپنی پارٹی کا نقطہ نظر
راج پرمکھ کے اڈریس کے بارے میں ھاؤس کے سامنے رکھوں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ چونکہ اب صرف ایک گھنٹہ باقی رہ گیا ھے۔ میں مناسب سمجھتا
ھونکہ تقریر کے لئے ٹائم لمٹ کردیا جائے ۔ اس لئے ھر اسپیچ کے لئے میں (۱۰) منٹ
کا وقت مقرر کرتا ھوں ۔

شری جی سری راملو۔ مناسب ھے۔ خاصکر میرےلئے جو ٹائم الاٹ ھوا ھے اسکے
لئے شکرگزار ھوں ۔ . . .

مسٹر اسپیکر۔ خاص کر آپ کے لئے نہیں بلکہ آپکے بعد تقریر کرنے والوں کے لئے
بھی وھی وقت رھیگا ۔

شری جی سری راملو۔ میں راج پرمکھ کے اڈریس کےپہلے پیرا گراف کی جانب توجہ
دلانا چاھتا ھوں جس سے رولنگ پارٹی ( Ruling Party ) کی پالیسی کا اظہار
ھوتا ھے۔

"It has been the privilege of the Asaf Jahi family for seven generations to administer this historic State under a system of monarchy".

میں کہونگا کہ منارکی ( Monarchy ) اور ری پبلک ( Republic )
میں بہت بڑا فرق ھے ۔

"Today it is my still greater privilege to address you as the Rajpramukh of Hyderabad under the secular constitution of the Indian Republic."

میں ھاؤس کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاھتا ھوں کہ راج پرمکھ کے نقطہ نگاہ میں
منارکی رول اور ری پبلک رول کےتحت اڈمنسٹر کرنا دونوں ایک ھی حیثیت رکھتے ھیں ۔
ان کے نزدیک ان دونوں میں کوئی فرق نہیں ۔ اس سے گورنمنٹ کی پالیسی واضح ھوتی ھے۔
ممکن ھے بعض آنریبل ممبرس دونوں میں کوئی فرق محسوس نہ کرتے ھوں لیکن ھمارے
نزدیک تو دونوں میں بہت بڑا فرق ھے ۔ ھمیں عوام کے سامنے گورنمنٹ کی پالیسی
کو رکھنا ھے۔ گورنمنٹ کی پالیسی ڈفینٹ ( Definite ) طور پر ضبط تحریر میں

آجاتی تو بہتر ہوتا - لیکن حالات یہ بتلا رہے ہیں کہ ''پارٹی ان پاور'' ( Party-in-power ) نے جنتا سے جو وعدے کئے تھے وہ کھوکھلے ثابت ہوئے - جو زبانی وعدے کئے گئے تھے ان پر کسقدر عمل کیا گیا وہ تو معلوم ہو گیا - اس کے پیش نظر ہم چاہتے ہیں کہ آپکی جو بھی پالیسی ہے وہ ضبط تحریر میں آجائے تاکہ ہم اسے عوام کے سامنے پیش کر سکیں کہ ہماری حکمران پارٹی یہ یہ کرنا چاہتی ہے- آپ واضح کردیتے کہ آپکی لیبر پالیسی کیا ہے- ایجوکیشن پالیسی کیا ہے- بیروزگاری دور کرنے کے لئے آپ کی کیا پالیسی ہے - آپ ایک شخص '' سنکری '' ( سیت سندھی) کو تو تین روپیے ماھانه دیکر قبر تک پہنچا دیتے ہیں اور ایک شخص کو (۵۰) لاکھ روپیہ دیکر آسمان پر پہنچا دیتے ہیں - آخر آپ کے پاس مساوات کے لئے کیا پالیسی ہے- اس تین روپیہ پانے والے ملازم سے دنیا بھر کا کام لیا جاتا ہے- وہ پانی کے گھڑے بھرتا ہے- پاؤں دباتا ہے- سب کچھ کرتا ہے - آپ اسے تین روپیہ ماھانه دیتے ہیں- آنریبل چیف منسٹر جو ریوینیو منسٹر بھی ہیں اسے نوٹ کریں - مساوات کا ڈھونگ مچایا جاتا ہے - دستور جو پیش کیا گیا ہے وہ تو ( Old wine in new bottle ) ہے - کانسٹی ٹیوشن کی وکالت اور پیروی کیجاتی ہے- ممکن ہے عدالت میں پیروی کرتے کرتے اسطرح پیروی کرنے اور باتیں زیادہ کرنے کی بعض لوگوں کو عادت ہو گئی ہے- مگر میں پوچھتا ہوں عوام کے مسائل کو حل کرنے کے کیا یہی طریقے ہیں ؟ آپ ہمیں کانسٹی ٹیوشن کی طرف لیجانا چاہتے ہیں تو آپ کو پنڈت نہرو کے کمٹمنٹس ( Commitments ) کو بھی ملحوظ رکھنا چاہئے - اسمبلی میں آنے سے پہلے جو وعدے کئے گئے تھے انہیں کس حد تک پورا کیا گیا ؟ کیا وہ صرف اسمبلی میں آنے کے لئے ہی تھے ؟ عوام یہ نہیں سمجھے کہ انہوں نے کیا غلطی کی مگر اس پانچ سالہ دور میں اچھی طرح سمجھ جائینگے - ہم مانتے ہیں کہ راج پرمکھ دستور کی پیداوار ہے- لیکن ہم نے واک آوٹ اس لئے کیا ہے کہ اسمبلی میں عوام کے جذبات کو رکھیں- ہم نے کانسٹی ٹیوشن کی وفاداری کا حلف لیا ہے - ہم اس کا احترام کرتے ہیں - لیکن ساتھ ساتھ یہ بات آپکی نوٹس میں لانا چاہتے ہیں کہ عوام کے جذبات کیا ہیں- آپ کہتے ہیں کہ کانسٹی ٹیوشن کے جادو سے آپ نے ایک سانپ سے اس کی زہر کی تھیلی نکال لی ہے - اور جادو کی پنگی بجا کر سانپ کو پٹاری میں رکھ دیا ہے- مگر اس طرح جادو کے کھیل سے عوام کے مسائل حل نہیں ہو سکتے - اپوزیشن پارٹی جو ۸۰ فیصد عوام کی نمایندگی کرتی ہے جب ایک مسئلہ پیش کرتی ہے تو آپ کانسٹی ٹیوشنل پائینٹ آف ویو ( Constitutional point of view ) کہکر اسے ہش اپ ( Hush up ) کردینے کی کوشش کرتے ہیں - یہ طریقہ ٹھیک نہیں - اڈریس کے دیکھنے سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ نظام کو برقرار رکھا جائےگا - اسٹیٹ کا ڈس انٹیگریشن ( Disintegration ) نہوگا - جاگیرداروں کو کمپنزیشن ( Compensation ) دیا جائےگا - لیبر پالیسی ویسی ہی رہیگی تو یہ کانسٹی ٹیوشن وہی (Old wine in new bottle)

سمجھے جائیگے۔ آپ کے اڈمنسٹریشن میں وھی فیوڈل سسٹم رھے گا۔ امپیریالسٹک اکٹیویٹیز (Imperialistic Activities) برابرجاری رھینگے۔تلنگانہ کی جدوجہد کو ان سوشیل ایلمنٹس ( Un-social elements ) کی اکٹیویٹیز کہکر ٹال دیا جائیگا تو پانچ سال بعد عوام سے آپکو اس کا جواب مل جائیگا ۔

بجٹ کے بارے میں آپ نے کہدیا کہ آپکو سونچنے کا موقع نہیں ملا ۔ راج پرمکھ کے بارے میں آپ نے کانسٹی ٹیوشن کے حوالہ سے کہا کہ اس مسئلہ کو ٹچ (Touch) نہ کیا جائے ۔ اس کے معنی یہ ھونگے کہ اپنی حیثیت کو مینٹین ( Maintain ) کرنیکے سوا آپ کے پیش نظر دوسرے امور نہیں ۔ آپ یہ واضح کرتے کہ آپ کسطرح بھومی سینا تیار کرنے والے ھیں ۔ لینڈ پرابلم کسطرح حل کرنے والے ھیں دوسرے مسائل کسطرح حل ھونے والے ھیں ۔ اگر یہ کیا جاتا توکم ازکم اعتراف کیا جاتا کہ حکومت یہ سب کرنے والی ھے۔ جب ھم اسکے متعلق کوئی خاکہ پیش کرتے ھیں تو یہ آپکو رومانس ( Romance ) معلوم ھوتا ھے۔

ٹیننسی ایکٹ سے بہت سے فایدے ھیں بشرطیکہ اسے اصول سے چلایا جائے ۔ مگر آپ تو پرانے زمانے کے بیل کی طرح ھی چلنا چاھتے ھیں ۔ حالانکہ آج کے زمانہ میں ریل نکل چکی ھے۔ موٹر نکل چکی ھے۔ ھوائی جہاز بھی ھے۔ مگر آپ ھیں کہ بیل کی چال ھی کو پسند کرتے ھیں ۔ آپ پراگریسیو قانون تو لاسکتے ھیں ۔ مگر لانا نہیں چاھتے ۔ اس لئے آپ کیپیٹلسٹک آوٹ لک ( Capitalistic out-look ) رکھتے ھیں جو راج پرمکھ کے اڈریس سے ظاھر ھے کہ اس میں منارکی (Monarchy) اڈمنسٹریشن اور ری پبلک اڈمنسٹریشن کے درمیان کوئی فرق نہیں۔ ممکن ھے آپ کوئی فرق محسوس نہ کریں لیکن ھمارے نزدیک تو اس میں بہت بڑا فرق ھے۔ ھم آسمان اور زمین کا فرق لانا چاھتے ھیں جو یہاں موجود نہیں ۔ اس طرف کے بھی ایک آنریبل ممبر نے یہ فرمایا کہ ۲۵ ۔ لاکھ آدمی بیروزگار ھوئے ھیں ۔ لیکن سب کچھ تسلیم کرتے ھوئے بھی کچھ نہیں کیا جاتا ۔ یہی افسوس ھے۔ میں اپنے وچار ختم کرتا ھوں ۔

**شری مرلیدھر کامٹی کر (بھالکی)** مسٹر اسپیکر ۔سر ۔ راج پرمکھہ کے اڈریس پر جو بحث ایوان میں ھو رھی ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ بہت سے آنریبل ممبرس اسکو بہت ھی صبر کے ساتھ سن رھے ھیں ۔ اگر میں آنریبل ممبرس کی ان دلی کیفیات کا اظہار نہ کروں تو میں سمجھتا ھوں کہ میں اپنا فرض ادا نہیں کرونگا کیونکہ اب انکا پیمانہ صبر لبریز ھوچکا ھے ۔ میں آپکے سامنے کچھ باتیں عرض کرنا چاھتا ھوں وہ یہ کہ اس اڈریس پر بحث کرتے ھوئے چند آنریبل ممبرس نے اسپر فخر محسوس کیا ھے کہ انہوں نے ڈیموزیشن آف نظام کا نعرہ بلند کیا لیکن میں آپکے توسط سے یہ بتا دینا چاھتا ھوں کہ یہ انکا نعرہ نہیں ھے ۔ بلکہ یہ صدائے بازگشت ھے ھماری آواز کی۔ یہ نعرہ ھم نے بلند

کیۓ تھا - میں آپکے توسط سے ان آنریبل ممبرس سے کہونگا کہ سانپ کے گذر جانیکے بعد لکیر پر مارنے سے کیا فائدہ ہے - میں آنریبل ممبرس کو یہ بتا دینا چاھتا ہوں کہ ڈیپوزیشن آف نظام کا نعرہ جس اسپرٹ کے ساتھ آج ایوان میں بلند کیا جا رہا ہے اور یہ تصور کیا جا رہا ہے کہ عوام کے جذبات کی صحیح ترجمانی کی جا رہی ہے - یہ صحیح نہیں ہے بلکہ عوام کو اکسپلائیٹ ( Exploit ) کرنیکا طریقہ ہے - وہ لوگ عوام کے جذبات کی صحیح ترجمانی کرنیوالے نہیں ھیں بلکہ ہم ہیں -

جناب صدر - میں یہ عرض کروں گا کہ نظام کا انسٹیٹیوشن ( Institution ) اب ختم ہوچکا ہے وہ اب ایک لکیر ہے جس میں کوئی اصلیت نہیں ہے - یہ آنریبل ممبرس کو معلوم ہے لیکن عوام میں غلط فہمی پیدا کرنے کے لئے یہ سب کچھ کہا جارہا ہے -

دوسرے یہ کہ آنریبل ممبرس نے بڑا زور اس پر دیا ہے کہ الکشنس فری اینڈ فیر نہیں ہوۓ - میں ایک حدتک آنریبل ممبر فار اپا گوڑہ کے اظہار سے متفق ہوں کہ حیدرآباد اسٹیٹ کے ایک حصے میں ضرور فیر اینڈ فری الکشنس نہیں ہوۓ - میں انکے اس دعوے سے متفق ہوں کہ حیدرآباد اسٹیٹ کے ایک حصہ میں بیانٹ ( Bayonet ) کے زور پر الکشنس لڑے گئے ہیں - لیکن جن بیانٹس کے زور پر الکشنس لڑے گئے ہیں وہ لال پھریرے کے بیانٹس تھے - جناب صدر - میں آپکے سامنے یہ چیز رکھنا چاھتا ہوں کہ تلنگانے میں جہاں لال پھریروں کے بیانٹس استعال کئے گئے وھاں ہمیں فتح نہیں ہوئی - وھاں تو اپوزیشن کے ممبرس ھی اکثریت میں چنے گئے - مرہٹواڑہ اور کرناٹک میں جہاں لال پھریرے نہیں تھے انکو شکست ہوئی - اس سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ صرف ووٹس کے ذریعہ سے فتح حاصل نہیں کی گئی اور صرف ووٹس نے فیر اینڈ فری کے نام کو دھکا نہیں پہنچایا بلکہ فری اینڈ فیر کے نام کو دھکا پہنچانے والے لال پھریرے تھے - خود آنریبل ممبر اپا گوڑہ مہاراشٹرا سے بھی کھڑے ہوۓ اور آندھرا سے بھی لیکن وہ آندھرا سے یہاں جیت کر آۓ ہیں - اسکی وجہ کیا ہے؟ فری اینڈ فیر الکشنس کے ذریعہ یا لال پھریرے کے ذریعہ اٹ دی پوائینٹ آف بینٹ (At the point of bayonet) ؟ اور ایک چیز ہمارے آنریبل ممبر فار آرمور نے کہی ہے کہ بیدر ضلع میں پٹیل پٹواریوں کی مدد سے الکشن جیتا گیا ہے جو فری اینڈ فیر کی تعریف میں نہیں آتا - جناب صدر میں آپکی وساطت سے دعوی کرتا ہوں کہ اگر یہ بات ثابت کردیجاۓ تو ہمارے جتنے ممبرس وھاں سے منتخب ہوکر آۓ ہیں وتھہ ڈرا ہونے کےلئے تیار ہیں لیکن میں بتاوں کہ انکی پارٹی کو ایسی شکست ہوئی کہ جسکی مثال سارے ہندوستان میں نہیں ملتی - بیدر میں انکی شکست فاش سب لوگوں پر ظاہر ہے - یہ شکست پٹیل پٹواریوں کی وجہ سے نہیں ہوئی بلکہ انکی فرقہ پرستی اور عوام دشمنی نے انہیں شکست دلائی - اس حلقہ سے کانگریس کے ایسے امید وار کھڑے تھے جو ۳۰ سال سے عوام کی خدمت کررہے

تھے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انہیں صد فیصد کامیابی ہوئی ۔آنریبل ممبر فار آرمور یہ کہتے ہیں کہ فری اینڈ فیر الکشنس نہیں ہوئے لیکن انکی کانسٹی ٹیونسی سے جو رپورٹ آئی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کانگریسی امیدوار کو شکست دینے کے لئے انکے لوگ راتوں میں کمیونسٹوں کا بھیس بدل کر کمبل اوڑھ کر لوگوں کے پاس جاتے تھے اور ان لوگوں سے کہتے تھے کہ کمیونسٹ اور سوشلسٹ ایک ہی ہوگئے ہیں اور یہاں کوئی کمیونسٹ امیدوار نہیں کھڑا ہے اس لئے آپ سوشلسٹ کو ووٹ دیجئے ۔ اگر آپ نے کانگریسی امیدوار کو ووٹ دیا تو تمہاری عورتوں کا کنکم مٹادیا جائیگا ۔ اس طریقے کے باوجود کیا انکی طرف سے فری اینڈ فیر الکشنس کا دعوی کیا جاسکتا ہے ؟ میں تو یہ کہونگا کہ حکومت نے اپنے آپکو غیر جانب دار ثابت کرنے کے لئے مخالف جماعتوں کا ساتھ دیا ۔ ان سے واجبی سے زیادہ رعایتیں کیں اور کانگریس کے ساتھ سختی کی گئی ۔ مثالیں میں پیش کرسکتا ہوں ۔ میں ایک چیز اس سلسلہ میں یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ صرف نلگنڈہ ضلع سے متحدہ جماعت کے ٥ سوور کرس کو الکشنس کے زمانے میں رہا کیا گیا ۔ کیا یہ جانب‌داری کا ثبوت ہے ۔ میں اگر یہ دعوی کروں تو غلط نہوگا کہ اگر تلنگانے سے لال پھریرے نہ نکالے جاتے اور ایسی کارروائیاں جنکا میں اظہار کیا ہوں نہ کی جاتیں تو اپوزیشن کے بنچس خالی نظر آتے اور وہ تعداد جو اس وقت ہے نظر نہ آتی ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ ٹریزری بنچس پر لوگ نامزدگیوں کے طریقے سے آئے ہیں یا اتفاق سے آگئے ہیں ۔ ورنہ ہم ہی عوام کے سچے نمائندے تھے ۔ آنریبل ممبرس کو میں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہزاروں عوام نے بلا کسی جبر کے اپنے دل سے ہمیں چنا ہے ۔ اور ہم ہزاروں عوام کی نمائندگی کرنے کےلئے یہاں آئے ہیں ۔ عوامی نمائندگی کرنیکا حق ہمکو حاصل ہے ۔ مجھے اس سے زیادہ کچھ کہنا نہیں ہے اس لئے رخصت ہوتا ہوں ۔

**شری گوپڈی گنگا ریڈی (نرمل - عام)** ۔ میں راج پرمکھہ کے اڈریس پر کچھ کہنے سے پہلے کچھ اور باتیں کہنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ دستور ہند جو ہے وہ انگریزی میں ہے ۔ اور میں یہ کہونگا کہ اس ہاؤز کے چودہ آنے ممبرس انگریزی نہیں جانتے ۔ قانون انگار ہے ۔ اسکو جان کر بھی چھوئے تو جلن ہوتی ہے اور نہ جان کر بھی چھوئے تو جلن ہوتی ہے ۔ میں نرمل کانسٹیٹیونسی ضلع عادل‌آباد سے چنا جا کر آیا ہوں جہاں تعلیم آدھا فیصد ہے ۔ یہاں کے آنریبل منسٹر جب وہاں آتے ہیں تو وہ بھی وہاں کے پرانتیہ بھاشائیں نہیں جانتے ۔ وہ پٹیل پٹواریوں کی پہانیاں دیکھکر بھی کچھ نہیں سمجھ سکتے ۔ بیل کو کھلگے کے ساتھ جوتا جائے تو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کھلگا زیادہ کھینچ رہا ہے یا بیل ۔ میں اپنی دیہاتی زبان میں کچھ باتیں کہنا چاہتا ہوں ۔

راج پرمکھہ نے اپنے اڈریس میں کہا ہے کہ قولداروں کو جو سہولتیں دیگئی ہیں وہ بہت کافی ہیں ۔ یہ ہمکو دیکھنا نہیں ہے ۔ کاشتکار ایک ہزار کے بیل سے کاشت

کیا ناگر چلایا زمین جوتا یہ سب کرنے کے بعد اسکا غلہ غائب کردیا جاتا ھے اسکی ساری محنت ٹھکانے لگ گئی - تحصیل کے دفتر میں محافظ خانوں میں جو پہانیاں ھوتی ھیں ان میں سے ایسے کاشتکاروں کے نام جو کئی سالوں سے کاشت کرتے ھیں غائب ھوجاتے ھیں - نرمل تحصیل کے محافظ خانے میں پہانیان معرا ھیں - وھاں کے گرداور وھان کی بھاشا نہیں جانتے ھیں پہانیوں میں کیا لکھا ھے انکو معلوم نہیں ھے - تحصیلدار بھی مرھٹی نہیں جانتے اسلئے انکو بھی نہیں معلوم ھوتا کہ پہانیوں میں کیا لکھا ھے - شمی کے جھاڑ کے نیچے دسھرہ کی عید - اتنا جمع اتنا خرچ - نہ جمع نہ خرچ - اسی طرح سے یہاں عمل ھوتا ھے - پہانیوں کا یہ حال ھے کہ حقیقی کاشتکار دوسرا ھوتا ھے اور پہانی میں دوسرا نام لکھدیا جاتا ھے - اسکو تحصیلدار نہیں دیکھ سکتا گرداور نہیں دیکھ سکتا - دیہات میں چار پانچ آدمی پڑھے لکھے ھوتے ھیں ایسی حالت ھے کہ لوگ شہروں میں رھتے ھیں اور پہانی کے خانے میں خود کاشت کا لفظ لکھا رہتا ھے - یہ خود کاشت بھی عجیب بات ھے - یہ لوگ یہ بھی نہیں جانتے کہ جواری کا ڈنٹل کتنا اونچا ھوتا ھے - ناگر کیسا ھوتا ھے - بکھر کیسا ھوتا ھے نہیں معلوم - انکی کاشت انکے بنگلے پر ھوتی ھے - زمین کے پیچھے حقیقت میں جومحنت کرتا ھے اسکے بچے توبھوکے رھتے ھیں اور یہ " خود کاشت " والے جو اپنے بنگلہ میں رھتے ھیں ان زمینوں سے فایدہ اٹھاتے ھیں - اب سوچنے کی بات ھے کہ زمین کے اوپر محنت کرنیوالے کا زمین میں کیا دل لگے گا اور وہ کس طرح سے محنت کریگا - راج پرمکھہ کے اڈریس میں کہا گیا ھے کہ

"కౌల్దారీ విధానాన్ని మూడేండ్లలోగా రద్దు చేయుట ద్వారా భూమిని దున్నే వారికీ ప్రభుత్వానికి మధ్యనుండు మధ్యవర్తులను తొలగించి వేయుట.

اور یہ بھی کہا گیا ھے کہ :-

"అశ్రద్ధ వహింపబడిన భూములను ప్రభుత్వము తమ యాజమాన్యం క్రిందికి తీసుకోగలదని శాసించి స్వయంగా ప్రయోజనకరంగా సేద్యము చేయునట్లు భూములు కలవారిని ఒత్తిడి చేయుట."

جن لوگوں کے نام پر " خودکاشت " لکھی ھوئی ھے انہیں یہ بھی نہیں معلوم کہ کونسی کارتی میں کیا چیز پیرنا چاھئے - تلگو میں ایک مثل ھے کہ

అక్కడకు పోయినా ఏముంటుంది? ఆయనకు బొంత గుర్తులేదు. వరి గుర్తు లేదు.

گھاس نہیں معلوم - دھان معلوم - اسطرح سے غلہ زیادہ اگاؤ کی مہم پوری نہیں ھوسکتی - نوکروں سے - بھگیلوں سے اس مہم کو نہیں چلایا جاسکتا - پنڈت نہرو کہتے ھیں کہ پیداوار کی قلت ھوگئی ھے - چھتوں پر کاشت کرو - آنگنوں میں کاشت کرو - مگر پنڈتجی کو یہ نہیں معلوم کہ کیا ھمارے یہاں زمین کی قلت ھے جو صحنوں میں - چھتوں پر غلہ پیریں - تلسی کا جھاڑ اکھاڑ کر جوار کا ڈنٹل پیرنیکی کیا ضرورت ھے - یہاں کی حالت تو یہ ھے کہ قابل کاشت اراضی کو " محصورہ " میں داخل کیا جاتا ھے اورکہا جاتا

ہے کہ چیت پرکاشت کرو " معاشی مقبوضہ "، زیادہ سے زیادہ دس ایکڑ تری پچاس ایکڑ خشکی ر کیا جاتا ہے - مگر یہ زیادہ سے زیادہ کا کیا مطلب ہے - اسکے کیا معنی ہیں - اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے - یہ قانون "مر گ جل " (मृगजल) ہے - اس طریقے سے زیادہ سے زیادہ جو بچت رہتی ہے پانچ گنے سے زیادہ بچت ہوتو اس کا کیا انتظام ہوگا اس کا پتہ نہیں ہے- کہتے ہیں کہ قولداریاں ختم ہوگئیں مگر بارہ آنے قولداریاں باقی ہیں - کوئی کمیشن مقرر کریں تو پتہ چلیگا کہ بارہ آنے قولداریاں آج بھی ہیں -

لیوی سسٹم - دس من سے زیادہ اسٹاک کو تختہ میں لکھ لیا جاتا ہے - گاروڑی جیسا کہتا ہے کہ ایک پیسے کو سات پیسے بناتا ہوں - لیوی میں ایک خوش خریدی کا طریقہ بھی ہے - آپکو معلوم ہے یہ خوش خریدی کیا ہے - خوشی کو دیکر غمی لینا - ہمارے پاس لیوی کا سسٹم بہت برا ہے - اس طریقے سے تقاوی کا سسٹم بھی بہت خراب ہے - کندیدگی باؤلیات کےلئے جو رقم دیجاتی ہے وہ پیسے والوں کو ہی دیجاتی ہے - غریب جائے تو کہتے ہیں کہ آپکی زمین اتنی نہیں ہے - اور پیسے والے لوگ اپنے دادا پڑدادا کی باؤلی پر دو دو ہزار ڈھائی ڈھائی ہزار روپیہ اٹھاتے ہیں - گرداور معائنہ کےلئے جاتا ہے تو وہی پرانی باؤلی کو چونا لگا دیا جاتا ہے تاکہ نئی معلوم ہو - اس طرح سے روپیہ حاصل کیا جاتا ہے - رضاکاروں کے زمانے میں حیدرآباد میں جو کچھ ہوا سب کو معلوم ہے - اسکے ذمہ دار نظام صاحب ہیں یا قاسم رضوی- میں کہنا نہیں چاہتا - آج یہ کہا جاتا ہے کہ وہ شدھ ہوگیا - میں نہیں سمجھتا کہ زہر کو مٹی کی کلیا کی بجائے سونے کی کلیا میں ڈالکر یہ کہا جائے کہ یہ زہر نہیں ہے تو ایسا کہنے سے کیا ہوسکتا ہے - وہ زہر ہی ہے - کیا سونے کی کلیا میں ڈالنے کی وجہ سے اسے پی لیا جائیگا ؟

آنریبل شری بی - رام کشن راؤ ( چیف منسٹر ) راج پرمکھ کے اڈریس پر بحث کا سلسلہ تین دن سے جاری ہے - جیسا کہ ایک معزز دوست آنریبل ممبر نے کہا یہاں ان مباحث کو صبر آزما طریقہ پرسنا گیا - ایڈریس آف تھینکس کے موشن کے بارے میں جو ۲۲ امنڈمنٹس آئے تھے وہ موو ( Move ) نہیں کئے گئے - اب جنرل بحث کےلئے ہاؤز کے سامنے یہ موشن ہے - اب وقت قریب الختم ہے اس لئے میں مناسب نہیں سمجھتا کہ اپنے خیالات کا اظہار کروں - میں اسکی ضرورت نہیں سمجھتا کہ آنریبل ممبرس نے جو تنقیدیں کی ہیں انکا جواب علحدہ علحدہ دیا جائے -

شری وی- ڈی- دیشپانڈے - مجھے جہاں تک یاد ہے آپ نے فرمایا تھا کہ اڈجرنمنٹ موشن کےلئے جو دو گھنٹے لئے گئے ہیں اس کا معاوضہ آج دیا جائیگا -

*Mr. Speaker* : Please do not interrupt.

آنریبل شری بی - رام کشن راؤ - لیکن جو باتیں بحث کے دوران میں کہی گئی ہیں میں ان کا مختصراً تذکرہ کرونگا - میں اپنے خیالات کو زیادہ تر ان باتوں کی طرف رجوع کرونگا

جن میں کچھ ٹھوس باتیں کہی گئی ہیں - یہ ظاہر ہے کہ راج پرمکھہ کا اڈریس ایک انڈیکیشن ( Indication ) ہوتا ہے جس میں دو باتیں ہوتی ہیں - ایک تو یہ کہ پچھلی جو پالیسی رہی ہے اس کا کچھ تذکرہ اور دوسرے آئندہ پالیسی کا تھوڑا بہت انڈیکیشن ہوتا ہے - دوسری جانب کے آنریبل ممبرس نے جو تنقیدیں کی ہیں اس میں آنریبل ممبرس نے یہ دھیان نہیں دیا کہ اڈریس جسطرح ہونا چاہئے اور اس میں جو چیزیں ہونی چاہئیں وہ ہیں یا نہیں - راج پرمکھہ کے اڈریس میں نہ کوئی ٹھوس موازنہ ہوتا ہے نہ ہر ڈپارٹمنٹ کے اسکیمس ( Schemes ) کی تفصیلات ہوتی ہیں - اس میں نہ پچھلی گورنمنٹ کی کارروائیوں کا ڈفنس ( Defence ) کیاجاتا ہے نہ گورنمنٹ کے آئندہ منصوبوں کی تفصیل ہوتی ہے بلکہ وہ اس تجویز کا ایک مختصر ساخاکہ ہوتا ہے کہ پچھلی گورنمنٹ نے کیا کیا اور ساتھ ھی ساتھ اسکا انڈیکیشن ہوتا ہے کہ آئندہ گورنمنٹ کیا کرنا چاہتی ہے - اس معیار پر اڈریس کو جانچنا چاہئے - اگر اس معیار پر جانچا جاتا تو میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس نے جس تگ و دو سے بحث کی ہے اسکی ضرورت نہوتی - راج پرمکھہ کے اڈریس کا محدود مقصدھوتا ہے - اگر اسے پیش نظر رکھا جاتا تو میں سمجھتا ہوں کہ اڈریس پر جو بحث کی گئی ہے وہ کانسٹی ٹیوشنل ہوتی اور حالات کے مطابق ہوتی - لیکن یہاں بہت سی ارریلیونٹ ( Irrelevant ) باتیں کہی گئی ہیں - اور انکے جوابات بھی دینے کی کوشش کی گئی - میں یہ کہونگا کہ نہ تو وہ اعتراضات ھی بجا تھے اور نہ انکے جوابات کی ضرورت - ڈپوزیشن آف نظام کے بارے میں بہت سی باتیں کہی گئیں اور بعض آنریبل ممبرس نے انکا مدلل جواب بھی دیا - میں اسے دھرانا نہیں چاھتا - لیکن میں اس ھاؤس کے ممبرس کو نظامآباد سیشن کا ایک واقعہ یاد دلانا چاہتاھوں - ڈیپوزیشن آف نظام کا سوال کانسٹی ٹیوشنل ہے یا نہیں یہ الگ بات ہے لیکن آنریبل ممبر نے اسکا ذکر کیا تھا - نظامآباد سیشن کے ریزولیوشن کا ایک واکیہ ( جملہ ) یہ ہے کہ :-

> "It should be free to decide all matters including the future of the Nizam and the State and the form of its integration with the rest of India."

یہ نظامآباد سیشن میں کہا گیا ہے - لیکن آج نظام کا وہ انسٹی ٹیوشن نہیں - آج راج پرمکھہ کا انسٹی ٹیوشن ہے جسے کانسٹی ٹیوشن نے مانا ہے - اسکے بارے میں جو بحثیں کی گئیں وہ اررلیونٹ ہیں - 'It is whipping a dead horse' - آپ کس ویکتی ( व्यक्ति ) کے خلاف ہیں - کیا آپ اس ویکتی کے خلاف ہیں جو یہاں حکمرانی کررھی تھی یا اسکے خلاف جسکو ودھان نے تسلیم کیا ہے - ہماری نیتی یہ ہے کہ ہم بادشاہ کے خلاف نہیں ہیں بلکہ بادشاہت کے خلاف ہیں - جاگیردار کے خلاف نہیں ہیں بلکہ جاگیرداری کے خلاف ہیں - زمیندار کے خلاف نہیں بلکہ زمینداری کے خلاف ہیں -

We are not against Kings, but against Kingship. We are not against Jagirdars, but against Jagirdari system. We are not against Zamindars, but against Zamindari system.

ہمارے دوستوں نے بڑے زور و شور سے تنقیدیں کیں کہ ہماری نیتی بدل گئی ہے۔ اس قسم کی باتیں کرنے اور صرف سلوگنس ( Slogans ) بلند کرنے سے کچھ کام نہیں چلتا۔ باتیں تو بہت کی گئیں لیکن کوئی ٹھوس بات نہیں -

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرہ خون نہ نکلا

بحثیں تو بہت ہوئیں لیکن کوئی ایسی ٹھوس بات نہیں کی گئی جسکا کوئی جواب دیا جاسکے۔ ایک چیز ضرور ہے۔ چند آنریبل ممبرس نے کہا آگے کی پالیسیز ( Policies ) کے بارے میں صحیح انڈیکیشن نہیں ہے۔ پاپولر گورنمنٹ جس نے حال ہی میں چارج لیا ہے آگے چلکر کیا کرنے والی ہے اسکی تفصیلات اڈریس میں نہیں ہیں۔ یہ اعتراض اس لئے بجا نہیں کہ اڈریس میں ان سب باتوں کے اندراج کی ضرورت نہیں - اسکے اظہار کے مواقع اور ہیں۔ میں چند باتوں کی نسبت طمانیت وتشفی دلانا ضروری سمجھا۔ اس لئے کھڑا ہوا ہوں ورنہ اس بحث میں حصہ لینے کا ارادہ پہلے سے نہ تھا۔ جتنے امنڈ منٹس پیش ہوئے تھے وہ واپس لے لئے گئے۔ جنرل ڈسکشن کے دوران میں یہ خیال رکھنا چاہئے کہ جو انڈیکیشن دیا گیا ہے اس کا کوئی وزوالائیزیشن ( Visualisation ) کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔ میں اپنی بحث کو لینڈ ریفارمس کی حدتک ہی محدود رکھونگا۔ باقی دوسرے سوالات کے کانسٹی ٹیوشنل ( Constitutional ) اور پولیٹیکل ایسپکٹس ( Political aspects ) کے متعلق دوسرے آنریبل ممبرس نے تفصیلی جوابات دئے ہیں - میں انہیں دھرانا نہیں چاہتا - میں چیف منسٹر ہونے کے ساتھ ساتھ ریوینیو منسٹر بھی ہوں۔ لینڈ ریفارمس اور ٹیننسی لیجیسلیشن مجھ سے زیادہ گہرا سمبندھ رکھتے ہیں۔ اس پرابلم کو صرف حیدرآباد کا ہی پرابلم سمجھا جارہا ہے - اور اسی حیثیت سے بحث کیجارہی ہے۔ دنیا کے سامنے، اس ہاوس کے سامنے، اور اپنے الکٹوریٹس ( Electorates ) کے سامنے، جن کے ووٹ پر وہ یہاں آئے ہیں یہ کہا جاتا ہے کہ لینڈ پرابلم ( Land problem ) ہی اس ملک کا واحد اور تنہا مسئلہ ہے جسکے حل کرنے پر عوام کی فلاح و بہبود کا دارومدار ہے اور اگر یہ مسئلہ حل ہوجائے تو ہمارے لئے کوئی دوسری چیز حل طلب نہیں رہتی - میں اس سے بالکل متفق نہیں ہوں - اور اس بنیادی غلطی کا ازالہ کرنا چاہتا ہوں - لینڈ پرابلم امپارٹنٹ پرابلم ضرور ہے لیکن وہ تنہا پرابلم نہیں ہے کہ اگر اسے حل کیا جائے تو ہمیں کسی دوسرے مسئلہ کو حل کرنیکی ضرورت نہو۔ اس بنیادی غلطی کو محسوس کرنا چاہئے۔ ہمیں ضرور لینڈ پرابلم کو اہمیت دینی چاہئے لیکن اتنی اہمیت نہیں کہ دوسرے اہم

مسائل نظر انداز ہوجائیں - اس طرح ڈس پرپورشنیٹ امپارٹنس ( Disproportionate importance ) دیگر اس مسئلہ کو دنیا کے سامنے پیش کیا جانا پولیٹکل اکسپلائیٹیشن کے سوا کچھ نہیں - میں پوری ذمہ‌داری کے ساتھ اس ھاؤس کے آنریبل ممبرس سے یہ کہونگا کہ ہم اس مسئلہ کی اہمیت کو پوری طرح جانتے ہیں - یہ مسئلہ ایسا تو نہیں کہ علاؤ الدین کے چراغ کی مدد سے فوری حل کردیا جائے - یا جیسا اس سے پہلے بھی کہا گیا گاڑوڑی ایک بیج بوتا ھے اسی وقت درخت اگتا ھے- پتے نکل آتے ہیں پھول پھل پیدا ہوتے ہیں - ایسا کوئی میریکل ( Miracle ) یا معجزہ تو ہمارے پاس نہیں - اگر یہ محسوس نہیں کیا جاتا تو افسوس کے سوا مجھے کہنے کی گنجایش نہیں آنریبل ممبرس یہاں لیجسلیٹرس ( Legislators ) کی حیثیت سے آئے ہیں- اپنے دل و دماغ اور ذہن سے قانون بنانے کی ذمہ‌داری لیکر یہاں آئے ہیں- خصوصاً ایسے وقت میں انکو محسوس کرلینا چاھئیے - محض سلوگنس ( Slogans ) لگانے کا ایٹیٹیوڈ ( Attitude ) رکھیں تو مسائل حل نہیں ہوسکتے - ہمیں دیکھنا چاھئیے کہ ملک کا اکنامک سچویشن ( Economic Situation ) کیا ھے- اسکی کیا ھسٹری ھے؟ کیا بیک گرونڈ ( Background ) ھے؟ کس سجیشن ( Suggestion ) پر کس رفتار کے ساتھ عمل کیا جاسکتا ھے- اس پر حقیقت پسندانہ نقطہ نظر سے غور کرنا ضروری ھے- اگر یہ محسوس نہیں کیا جاتا تو مجھے اس کا افسوس ھے- اور میں صرف یہی کہونگا کہ مسئلہ کو اکسپلائیٹ ( Exploit ) کیا جارہا ھے-

کہا گیا کہ ۱۹۵۰ع میں جو ٹیننسی ایگریکلچرل لیانڈس ایکٹ ( Tenancy Agricultural Lands Act) نافذ کیا گیا اس کے نفاذ کی وجہ چاھے کچھ بھی ہو، مگر پہلے کے مقابلے میں برا ہوا - چند آنریبل ممبرس نے اسکے ڈفکٹس ( Defects ) کو رائی کا پہاڑ بنا کر پیش کرنیکی کوشش کی - میں یہ کہونگا کہ ہر اچھی سے اچھی چیز کو برے سے برے رنگ میں پیش کیا جاسکتا ھے انسان کا دل و دماغ تیز ہوتا ھے- وہ جسکو جس طرح چاھے پیش کر سکتا ھے- لیکن میں کہونگا کہ حیدرآباد ٹیننسی ایگریکلچرل لینڈس ایکٹ ایک بہت بڑا قدم ھے جو ہمنے اٹھایا ھے- یہ ایک بہت بڑی کامیابی ھے جسکو محسوس نہیں کیا جارہا ھے - اگر ایسا کیا جاتا ھے تو یہ رومانٹیسیزم ( Romanticism ) کے سوا کچھ نہیں - یہ ایک بنیادی ڈفرنس ( Difference ) ھے- اس سے متعلق راج پرمکھ کے اڈریس میں کہا گیا ھے کہ . . . .

"A more rational redistribution of agricultural land is called for..............."

راج پرمکھ کے اڈریس میں اس سے بڑھ کر اور کیا کہا جاسکتا ھے - کیا اس میں تفصیلی اسکیمات پیش کی جاسکتی ہیں - ابھی گورنمنٹ آئی ھے - پارٹی ابھی بنی ھے - خود گورنمنٹ کو اپنے لیجسلیشن پر غور کرنیکا موقع نہیں ملا ھے کہ کیا موجودہ حالات میں جو چیزیں

ہمارے پاس ہیں انہیں سرے سے بدل دیا جائے یا کچھ سکشنس ( Sections )
بدل کر ان ہی سے کام لیا جائے ۔ ان پر تفصیلی غور کرنے کا کانگریس لیجسلیچر پارٹی
کو موقع نہیں ملا ہے ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس کو بھی اس کا موقع
نہیں ملا ہوگا جنھوں نے ایسے ردی کہا اور اس پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش کی ۔ میں
سمجھتا ہوں کہ وہ بھی کوئی قابل عمل اسکیم نہیں رکھتے ہیں ۔ میں یہ گذارش کرونگا
کہ سب سے پہلے ہمیں اس چیز کو محسوس کرلینا چاہئے ۔ گورنمنٹ آگے جانے تیار ہے ۔
ہمارے پاس تجاویز موجود ہیں ۔ ابھی ہمیں اس اسمبلی میں سر جوڑ کر کسی ٹینجیبل
اسکیم ( Tangible Scheme ) کے بنانے اور اس پر ڈسکس ( Discuss )
کرنیکا موقع نہیں ملا ہے ۔ لیکن ہمیں جتنا بھی وقت ملا ہے اس میں ہم ان آئیڈیاز
( Ideas ) پر غور کر رہے ہیں ۔ میں ابھی کوئی ایسی چیز نہیں
کہنا چاہتا جس پر هاؤس میں کمٹمنٹس ( Commitments ) ہوں ۔ جو کچھ بھی
لیجسلیشن آئیگا اس پر پہلے پارٹی میں ڈسکشن ہوگا ۔ اس میں امنڈمنٹس کی گنجائش
ہوگی ۔ گورنمنٹ کی طرف سے جو کچھ بھی مسودات قانون یہاں آنیوالے ہیں اگر وہ کافی
پراگریسیو نہوں تو اپوزیشن بنچس کو امنڈمنٹس پیش کرنیکا موقع ہوگا ۔ میں انہیں
یقین دلاتا ہوں کہ انکے کسی ریزن ایبل امنڈمنٹ (Reasonable Amendment) کو
قبول کرنے سے انکار نہیں کیا جائیگا ۔ البتہ ان امنڈمنٹس کی تائید ضروری نہیں جو اصول
نصفت پر مبنی نہ ہوں یا کانسٹی ٹیوشن کے مغائر ہوں ۔ آنریبل ممبر اپوزیشن نے کہا کہ
جاگیرات کو ابالش تو کیا گیا لیکن جاگیرداروں کو معاوضہ یا گذارہ کیوں دیا جا رہا ہے ؟
یہ بھی کہا گیا کہ پٹہ داروں یا ایسے لوگوں سے جن کے پاس زمینات زیادہ ہیں بغیر
کسی معاوضہ کے چھین لینا چاہئے ۔ ہوسکتا ہے کہ غور کرنے کا یہ بھی ایک نقطہ
نظر ہو ۔ لیکن مجھے اس نقطہ نظر سے اتفاق نہیں ہے کہ بغیر معاوضہ زمینات حاصل
کرلیجائیں ۔ ہمیں کانسٹی ٹیوشن اسکی اجازت نہیں دیتا ۔ کشمیر کی مثال دیگئی اور
شیخ عبد اللہ کے بیانات سنائے گئے لیکن آنریبل ممبرس کو یہ سوچنا چاہئے کہ حیدرآباد
کی طرح کشمیر ہندوستان میں انٹی گریٹ ( Integrate ) نہیں ہوا ۔ ۲۶-جنوری
سنہ ۱۹۵۰ع سے انڈین کانسٹی ٹیوشن حیدرآباد پر جس طرح لاگو ہوا کشمیر پر
نہیں ہوا ۔ جس پوزیشن میں حیدرآباد ہے کشمیر نہیں ہے ان حالات میں اسکا موقع
نہیں ہے کہ بلا معاوضہ اسٹیٹس کو ختم کردیا جائے ۔ آنریبل ممبرس کے دوسرے اصولوں
کو چھوڑ بھی دیں تو صرف اس ایک کانسٹی ٹیوشنل آبسٹیکل کی وجہ سے گورنمنٹ اسکو
قبول نہیں کرسکتی ۔ اس سے کمتر درجے پر جو بھی پروگریسیو تجاویز پیش کی جائینگی
انکو قبول کرنے کے لئے گورنمنٹ تیار ہے ۔ میں صرف آنریبل ممبرس کو اطمینان دلانے
کی خاطر سے نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ جو کچھ بھی کہہ رہا ہوں وہ آپکے سامنے آئیگا ۔
کس طرح آئیگا یہ کہنا قبل از وقت ہے ۔ صرف اتنا اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ
ٹیننسی اینڈ اگریکلچرل لیانڈس ایکٹ (Tenancy and Agricultural Lands Act)

لا رہی ہے - ایک تصور جو اس ایکٹ کے اندر ہے وہ اکنامک ہولڈنگ (معاشی مقبوضہ) کا ہے - میں جب اپنے ملک کے حالات پر غور کرتا ہوں تو میرے خیال میں آئندہ جو ترمیمات پیش ہونیوالی ہیں ان میں اکنامک ہولڈنگ کے تصور کو کسی حدتک چھوڑنے کی ضرورت ہوگی - اکنامک ہولڈنگ کا تصور یہ ہے کہ ایسی ہولڈنگ سے پانچ افراد کے کنبہ کو ماهانه (۱۵۰) روپے آمدنی ہوسکے - ایکسو پچاس روپیہ ماهانه آمدنی پانچ آدمیوں کے ایک کنبہ کےلئے زیادہ نہیں ہے - لیکن ہمارے ملک کے کیا حالات ہیں اس پر غور کرنا پڑتا ہے - اگر اسکو بنیاد بناکر آپ اگریکلچرل اور لینڈ ریفارمس کرنا چاہیں تو کبھی بھی اس نتیجہ پر نہیں پہنچ سکتے جس نتیجہ پرهم پہنچنا چاهتے ہیں - کسی معمولی کسان کو جسکے گھر میں پانچ آدمی ہوں اگر سالانہ آمدنی ۱۸ سو روپے نہو تو یہ ٹھیک نہوگا - اتنی آمدنی تو ہونی چاهئے - اس میں جتنا اضافہ ہوگا اس کا اسٹینڈرڈ آف لائیف ( Standard of life ) بڑھےگا - میں سمجھتا ہوں کہ ایک کسان جو دو بیل اور ایک ناگر کے ذریعہ جس قدر پیدا وار پیدا کرتا ہے وہ پانچ آدمیوں کے کنبہ کےلئے کافی نہیں ہوسکتی اور قطعاً وہ (۱۵۰) روپیے ماهانه آمدنی پیدا نہیں کرسکتا - میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حالات میں وہ بمشکل ۶۰ - ۷۰ روپیے پیدا کرسکتا ہے - یہ اسٹینڈرڈ ( Standard ) مادھوراؤکمیٹی کا مقرر کیا ہوا ہے - ہمکو اس اسٹینڈرڈ میں بیسک ہولڈنگ ( Basic holding ) کو پیش نظر رکھنا چاہئے - جب ہم اسٹینڈرڈ مقرر کرتے ہیں تو ہمیں اسکو پیش نظر رکھنا چاہئے کہ ایک کنبہ جسکے دو بالغ افراد کھیت میں دو بیل اور ایک ناگر سے کام کرتے ہوں کس قدر پیداوار حاصل کرسکتے ہیں - وہ کس قدر زمین رکھہ سکتے ہیں - اس اسٹینڈرڈ کے لحاظ سے ہمیں آگے بڑھنا ہے - بیسک ہولڈنگ کی بنیاد پر آئندہ کےلئے ری ڈسٹری بیوشن کا دارومدار رکھنا چاہئے - اس طرح آپکا اور ہمارا مقصد میں سمجھتا ہوں پورا ہوسکتا ہے۔

میں چند اور باتیں کہنا چاہتا ہوں اس کےلئے جناب والا مجھے ۱۰ منٹ کی اور اجازت دیں تو مناسب ہوگا -

موجودہ ٹیننسی اینڈ اگریکلچرل لینڈس ایکٹ کے دو تین سکشنس ایسے ہیں جن میں ڈراسٹک تبدیلی کی ضرورت ہے - ہم اس جانب بھی غور کررہے ہیں - جس سکشن پر سب سے زیادہ تبصرہ کیا گیا وہ (۴۴) ہے جو لینڈ ہولڈر کو اسکی اجازت دیتا ہے کہ اکنامک ہولڈنگ سے ۵ گنا زیادہ زمین رکھنے کے باوجود ذاتی کاشت کی غرض سے ایک سالہ نوٹس پرٹیننٹ کو بیدخل کردے - اس میں شک نہیں کہ یہ پراویژن یہاں کے حالات کے لحاظ سے نامناسب ہے - ہم اس پر سوچ رہے ہیں - اسکو اسطرح تبدیل کرنے کی ضرورت ہے کہ اکنامک ہولڈنگ کے مطابق اگر زمین لینڈ لارڈ کے پاس رہے تو اسکو اجازت نہونی چاہئے کہ کسی ٹیننٹ کو بیدخل کرے - میں سمجھتا ہوں یہ فیر ( Fair ) ہے - ہم اس جانب اقدام کرنا چاہتے ہیں - اسی طرح

بہت سی باتیں ہیں جن پر اعتراض کیا گیا ہے - پرسنل کلٹیویشن(Personal cultivation) کی نسبت بھی کہا گیا ہے - ہم جانتے ہیں کہ قانون بنانیوالوں کا جو مقصد ہوتا ہے اسکے مطابق عمل کرنیوالوں کی تعدادتھوڑی ہوتی ہے اور قانون سے گریز کرنے والوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے - یہ تو انسان کی دماغی قابلیت ہے جسے میں چالاکی کہوں تو بیجا نہوگا - جو قانون بنتا ہے اس میں گریز کی کوئی نہ کوئی صورت نکال لی جاتی ہے جب یہ قانون بنا تو لوگوں نے نوکر نامے کا طریقہ ایجاد کیا - ٹیننٹس سے نوکر نامے لکھوائیے - اس طرح ٹیننٹس نوکر بن گئے - ہم نے اس سلسلہ میں ایک سرکیولر جاری کیا ہے جس کے ذریعہ نوکر نامے بے اثر کردئے گئے ہیں - ٹیننٹس نوکر نہیں قرار دئے جاسکتے - وہ آنریبل ممبرس جو وکالت کرتے ہیں انکے علم میں بطور خاص میں اس سرکیولر کو لانا چاہتا ہوں کہ اگر اس قسم کے مقدمات عدالت میں چل رہے ہوں تو وہ اس سرکیولر کے حوالے سے کارروائی میں مدد لے سکتے ہیں - حکومت ان سے بےخبر نہیں ہے ایسے جو کچھ خامیاں نظر آتی ہیں وقتاً فوقتاً انکی اصلاح کی کوشش کر رہی ہے - اکنامک ہولڈنگ کا تعین کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ ہم بلا سوچے سمجھے آربیٹریری ( Arbitrary ) طور پر کوئی فیگر رکھدیں - جو بھی فیگر مقرر کیاجائے اس کا دارو مدار ٹھوس حقایق پر ہونا چاہئے - جبتک وہ نہو عارضی طور پر گورنمنٹ نے مناسب سمجھا کہ اکنامک ہولڈنگ مقرر کی جائے . ۱ ایکڑ تری اور . ۵ ایکڑ خشکی کا معیار مقرر کیا جائے - لیکن یہ قطعی نہیں - اس میں حال ھی میں ہم نے ترمیم کی ہے - دس ایکڑ تری اور پچاس ایکڑ خشکی کی بجائے دس ایکر تری یا پچاس ایکڑ خشکی کی ترمیم تین چار مہینے پیشتر حکومت نے کی ہے - بہر حال جب ضرورت محسوس کی گئی ضروری ترمیات کی گئیں - جنکے پاس سرپلس لینڈس (Surplus lands) ہیں انہیں لے لینے کا طریقہ بھی مقرر کیا گیا - یہ طریقہ بمبئی کے ایکٹ پر مبنی ہے لیکن دو تین باتوں میں ہمارے ہاں کا ایکٹ بمبئی کے ایکٹ سے زیادہ پراگریسیو ہے اور دو تین باتوں میں بمبئی کے ایکٹ سے کم ہے - ہم اسکو محسوس کر رہے ہیں - ان میں اسنڈمنٹس لاکر سرپلس لینڈ حاصل کرنے کےلئے گورنمنٹ کو زیادہ پاورس دینے ہونگے- اس طرح ہمارا ایکٹ بمبئی ایکٹ کے مماثل ہوجائیگا - جس طرح آنریبل ممبر نرمل کانسٹی ٹیونسی نے فرمایا کہ زمینات ایسے لوگوں کے پاس ہیں جنہیں دھان اورگھاس میں تمیز نہیں ہے - گورنمنٹ گرو مورفوڈ کیامپنین (Grow more food compaign ) کے تحت ایسی زمینات حاصل کرکے لینڈلس ( Landless ) لوگوں کو دینے کا منصوبہ رکھتی ہے جس کےلئے اسے زیادہ پاورس ( Powers ) کی ضرورت ہے - اسکے ساتھ ساتھ کمپنزیشن کا مسئلہ بھی پیدا ہوتا ہے جسے کانسٹی ٹیوشن کے اسنڈڈ دفعہ ۳۱ - اے کے تحت حل کرنا ہوگا اور ہمیں معاوضہ دینا ہوگا - میں آپ سے ونتی( विनंती ) کرونگا کہ آسمان پر اڑنے کی بجائے دماغوں کو ایک جگہ جوڑیں توکسی موزوں حل پر پہنچنا نا ممکن نہیں ہے- کوئی نہ کوئی راستہ نکل آئیگا - بغیر معاوضہ کے زمینات کے

مسئلہ کا حل اس وقت تک ممکن نہیں ہے جبتک کہ کانسٹی ٹیوشن اسکی اجازت نہ دے۔ کانسٹی ٹیوشن میں کسی اسٹیٹ کے حاصل کرنے کے لئے کمپنزیشن کا دینا ضروری ہے ۔ میں اسکے لیگل ڈسکشن میں جانا نہیں چاہتا لیکن اتنا کہونگا کہ مجھے شبہ ہے کہ اسٹیٹ کے الفاظ اس قسم کی جایداد اور بڑے بڑے پٹوں اور زمینات پر حاوی ہیں۔ بہت سی چیزیں لیگل آرگیومنٹ ( Legal-argument ) کے طور پر لائی جاسکتی ہیں ۔ میں عرض کرنے کے لئے تیار ہوں مگر اس میں کچھ دقتیں بھی ہیں معاوضہ کے لئے کوئی نہ کوئی راستہ نکالا جاسکتا ہے ۔ افسوس کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ جو پراویژنس ایکٹ میں موجود ہیں ان سے فایدہ اٹھا کر آج کے مقابلہ میں زیادہ بہتر درجے پر پہنچ سکتے ہیں لیکن اسے محسوس نہ کیا گیا اور گورنمنٹ کی کوئی مدد نہیں کی گئی بلکہ ہر جانب سے اسکو ناکام کرنیکی کوشش کی جاتی ہے اور یہ کہا جاتا ہے کہ تین سال کے اندرٹیننسی ختم کرنیکا وعدہ ایک مرگ جل ( मृगजल ) ہے۔ اسکے کیا معنی ہیں سمجھ میں نہیں آتے ۔ ٹیننٹس اس وقت تک باقی ہی نہیں رہینگے اس لئے کہ ٹیننسی کا انسٹی ٹیوشن ختم ہو جائیگا ۔ مجھے افسوس ہے کہ گورنمنٹ کے نیک مقاصد کو الٹا پلٹا کرکے پیش کیا جاتا ہے ۔ هاوز میں جو چاہے کہہ سکتے ہیں تقریر کی آزادی ہے لیکن میں یہ کہونگا کہ آنریبل لیڈرس آف دی اپوزیشن کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ کسی ایک مقصد کے لئے بات کو الٹا پلٹا کرکے پیش کریں ۔

**شری گو پڈی گنگا ریڈی** ۔ میرا مطلب یہ نہیں تھا بلکہ میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ پٹہ دار نوٹسیں دیکر اپنے قولداروں کو بیدخل کرتے ہیں اور خود کاشت کی تعریف میں آنے کے لئے کاشتکاروں سے نوکر نامے لکھواتے ہیں ۔

**آنریبل شری بی۔ رام کشن راؤ** (چیف منسٹر) میں آنریبل ممبر کا ممنون ہونکہ انہوں نے اپنے مقصد کو کلاریفائی ( Clarify ) کیا جس طرح انہوں نے اپنے مقصد کو پہلے ادا کیا اس سے میں سمجھا کہ وہ گورنمنٹ کے مقصد پر حملہ کرنا چاہتے ہیں ۔ لیکن اس وضاحت سے معلوم ہو گیا کہ انکا یہ مقصد نہ تھا ۔

میں یہ کہہ رہا تھا کہ گورنمنٹ کی مدد کرنے کی بجائے اس کی کوشش کی جاتی کہ کسانوں کو بہکایا جائے ۔ کہا یہ جاتا ہے کہ تم زمینات کیوں خرید تے ہو ۔ فیر پرائس کیوں دیتے ہو ۔ الکشن ہو جانے دو ہم گورنمنٹ میں آتے ہی ہیں اسوقت ساری زمینات تمہیں مفت دیجائینگی ۔ اس قسم کے جھوٹے وعدے کرکے قولداروں کو بھٹکانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جب رسپانسبل ( Responsible ) لیڈرس کی جانب سے اس قسم کی غلط فہمیاں پیدا کرنیکی کوشش کی جائے تو اس کی ذمہ داری کس پر ہے ؟ گورنمنٹ کے پاس اس کا کیا علاج ہے؟

یہ کہا گیا ہے کہ دیہی کاغذات اور رجسٹرات ریجنل لینگویجس (Regional languages) میں ہو نیکی وجہ سے عہدہ دار پڑھ نہیں سکتے اور غلط عملیات ہوتے ہیں اس لئے

نئے تلنگی - مرھٹی گرائیجویٹس کا تقرر کیا جارہا ھے - پرانے عہدہداروں پر آپکا اعتراض تھا کہ وہ حالات سے بے خبر ھیں اور نئے لوگوں پر آپ یہ اعتراض کرتے ھیں کہ وہ نئے ھیں - لیکن حکومت اس طرح کی باتوں سے نہیں چل سکتی - پبلک لیڈروں کا فرض ھے کہ وہ حالات کو سمجھیں اور صبر کے ساتھ حکومت کا ھاتھ بٹائیں - جبتک کہ ھمارے نئے آفیسر اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کے قابل نہوں انکے ساتھ عوام کا تعاون ضروری ھے ورنہ وہ اپنے پیروں پر کھڑے ھی نہوسکینگے -

دو تین باتیں میں عرض کرنیکی ضرورت محسوس کرتا ھوں - میں اس پر بحث کرنا نہیں چاھتا کہ کشمیر میں کیا ریفارمس ھوئے یا انہوں نے کیا اکنامک ھولڈنگ مقرر کی ھے اور اس پر غور نہیں کروں گا کہ وھاں (۱۶۰) کنال یعنی ۲۲ ایکڑ کو بیسک اکنامک ھولڈنگ قرار دیا ھے - ھمارے یہاں کے حالات کے لحاظ سے یہ مناسب نہیں ھے کہ پندرہ یا بیس ایکڑ کو بیسک ھولڈنگ قرار دیں بلکہ میری ذاتی رائے یہ ھے کہ دو بیل اور ایک ناگر رکھنے والا کسان جسکا خاندان پانچ افراد پر مشتمل ھو اور خود اپنی محنت سے کاشت کرتا ھو وہ زیادہ سے زیادہ تین ایکڑ تری اور دس بارہ ایکڑ خشکی کاشت کرسکتا ھے - ان نقاط پر غور کرنیکی ضرورت ھے اور اس لحاظ سے موجودہ قانون میں ترمیم کی ضرورت ھے - گورنمنٹ ان امور پر غور کر رھی ھے اور عنقریب یہ چیزیں ھاؤز کے سامنے آئینگی -

راج پرمکھہ کے اڈریس میں جو انڈیکیشنس ھیں ان پر تنقیدیں کی گئیں کہ وہ ویگ ھیں - They are necessarily vague; they can not but be vague. راج پرمکھہ کا اڈریس تفصیلی اسکیمات کا حامل نہیں ھوتا وہ صرف انڈیکیشن آف پالیسی ھے - اس سے ھاؤس کو سیٹسفائی ( Satisfy ) ھوکر باقی چیزوں کو آگے کےلئے چھوڑ دینا چاھئے - آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کو گورنمنٹ کی نیک نیتی پر وشواس رکھنا چاھئے - جیسا کہ آنریبل ممبر آف دی اپوزیشن نے فرمایا آج کی گورنمنٹ ایسی گورنمنٹ نہیں ھے جسکی پولیٹیکل آئیڈیالوجی میں زمین و آسمان کا فرق ھو - چند مسائل ھیں جیسے معاوضہ کا دینا یا نہ دینا - لینڈ پرابلم - " ڈس انٹیگریشن " وغیرہ انکے متعلق میں ھاؤس کو وشواس دلانا چاھتا ھوں کہ عملی طور پر جسقدر آگے جانا ممکن ھو ھم جانے کےلئے تیار ھیں - جو سجیشنس پیش ھونگے - انہیں خندہ پیشانی کے ساتھ قبول کیا جائیگا - اسقدر آشواسن ( आश्वासन ) دینے کے بعد میں توقع کرتا ھوں کہ جب سارے امنڈمنٹس واپس لئے جاچکے ھیں تو اس موشن کو جو ایک رسمی موشن ھے اور کانسٹی ٹیوشن کی ایک دفعہ کے لحاظ سے پیش کیا جا رھا ھے ھاؤز سویکار کرےگا - اسے سویکار کرنے کا مطلب یہ ھوگا کہ ھاؤز کانسٹی ٹیوشن کی قدر کرتا ھے - کانسٹی ٹیوشن کی لائلٹی کا جو شپتھ (शपथ) آپ نے لیا ھے وہ بھی ثابت ھو جائیگا -

مسٹر اسپیکر - آج کا کام ختم ہوگیا ھے - کل ھمیں دو وقت ھاؤز کو بلانا پڑےگا۔ یعنی ۱۰ بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک اور اسکے بعد ڈھائی بجے سے پانچ بجے تک -

آنربیل شری بھول چند گاندھی - میں یہ کہونگا کہ کل ورلڈ ھلتھ ڈے (World Health Day) ھے اسلئے گیارہ بجے سے ھاؤز کا وقت رکھا جائے تو مناسب ہوگا -

مسٹر اسپیکر - ھم اپنا پروگرام نہیں بدل سکتے - ۱۰ بجے سے اجلاس شروع ہوگا۔ اب ھاؤز اڈجرن ( Adjourn ) ھوتا ھے -

The Assembly then adjourned till Ten of the Clock on Monday, 7th April, 1952.